چاند گرہن یا سورج گرہن شروع ہوتے ہی آپ لکھنا شروع کردیں اور جب تک کل تعداد یعنی 543 پوری نہیں ہوجاتی آپ لکھتے رہیں، لکھنے کے بعد اس کاغذ کو گھر سے باہر کسی محفوظ مقام پر دفن کردیں، اب روزانہ ان حروف صوامت کے کلمات کو 13 مرتبہ لکھا کریں، ناغہ نہ ہو، اگر کسی روز ناغہ ہوجائے تو اگلے دن دو مرتبہ لکھ لیں، اگر مسلسل ناغہ ہوتا رہے تو عمل قبضے میں نہیں رہے گا، اس لئے بہتر یہی ہے کہ ایک کاپی خرید لیں اور صبح نماز کے بعد روزانہ ان کلمات کو لکھ لیا کریں، جب کاپی مکمل ہوجائے تو اسے قبرستان میں دفن کردیں اور پھر سے نئی کاپی میں لکھنا شروع کردیں۔ دوران ادائیگی زکات آپ ایک شیشی سرمہ اپنے سامنے رکھ دیں جب زکات مکمل ہوجائے تو یہی حروف صوامت والے کلمات 13 مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرلیں۔

جب حروف صوامت سے کام لینا ہو تو یہ سرمہ اپنے آنکھوں میں لگا کر کام شروع کریں، ان شاء اللہ فوری اثر ہوگا۔

زکاۃ ادا کرنے کا پہلا طریقہ

جب سورج یا چاند گرہن لگے تو دو رکعت نماز نفل پڑھنے کے بعد خاموشی سے تنہا کمرے میں خوشبو جلا کر (یعنی اگربتی وغیرہ) بیٹھ جائیں اور سفید کاغذ پر پنسل یا کالی سیاہی سے 543 مرتبہ حروف صوامت (ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ) لکھیں، اس طرح بھی لکھ سکتے ہیں (احدر سطع کلموہ)

زکاۃ کا دوسرا طریقہ

جب سورج یا چاند گرہن لگے تو حروف صوامت کو 543 مرتبہ لکھیں اور اسی طرح مسلسل 13 دنوں تک حروف صوامت کو 543 مرتبہ لکھنے کے بعد آپ ہمیشہ کے لئے اس کے عامل بن جائیں گے دوران زکات ناغہ نہ ہو ورنہ عمل باطل ہوجائے گا، بعد میں 13 مرتبہ لکھنے کی زحمت سے بھی جان چھوٹ جائے گی۔

زکاۃ کا تیسرا طریقہ

ہر حروف صوامت کو موافق منزل قمری سے شروع کر کے مسلسل 28 دنوں تک 4444 مرتبہ لکھیں، ایسے نمبر وار ہر حرف کو اپنی اپنی منزل میں 28 دنوں تک 4444 دفعہ لکھیں اور تیرا حروف صوامت کو مکمل کر لیں، یہ زکات حروف صوامت کی ہمیشہ کے لئے ہوگی، جس حرف سے چاہیں کام لے سکتے ہیں۔

رجعت حروف صوامت

عمل شروع کرنے سے پہلے آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ حروف صوامت کی رجعت بہت ہی زیادہ خطرناک ہوتی ہے، اس لئے حروف صوامت سے متعلق جو بھی عمل کریں تو کافی سوچ سمجھ کر شروع کریں، ایسا نہ ہو عمل الٹا پڑ جائے جس کی وجہ سے سخت نقصان ہوسکتا ہے، آپ کی معمولی غلطی بھی وبال جان بن سکتی ہیں۔

رجعت کیا ہے؟

پہلے تو آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ رجعت کیا چیز ہے،،؟

رجعت عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنٰی واپسی، لوٹنا، پلٹنا وغیرہ کے ہیں۔

رجعت کے اثرات

دماغی صلاحیت میں کمی کا ہونا، ترقی کی بجائے تنزلی کا شکار ہونا، اولاد پر اس کا بُرا اثر پڑنا، سُستی وکاہلی کا شکار ہونا، یا کوئی اور جانی مالی نقصان کا پہنچنا، وغیرہ۔

حروف صوامت کی رجعت وبندش کا توڑ

عاملین حروف صوامت کو عملیات میں بہت پسند کرتے ہیں اور عملیات کی دنیا میں حروف صوامت سے کافی حد تک کام لیا جاتا ہے، یہ حروف جتنا جلدی اپنا اثر دکھاتے ہیں اتنا ہی جلدی عامل کو رجعت میں بھی جکڑ لیتے ہیں، ویسے تو حروف صوامت کے عاملین بیشمار ہیں لیکن حروف صوامت کی رجعت کا توڑ کرنے والے عاملین بہت کم ہیں۔

حروف صوامت کی رجعت وبندش کے نحس اثرات کو کس طرح ختم کیا جائے، اس کا حل درج ذیل ہے۔

سورۃ الاخلاص سے حروف صوامت کا توڑ

سورۃ الاخلاص حروف صوامت کی رجعت وبندش کے نحس اثرات کو ختم کرنے میں بڑی ہی پُر تاثیر ہے۔

(1) سورۃ اخلاص کے خالص حروف اعداد قمری 444 ہیں بطریق مفرد (4+4+4) جمع کریں تو 12 بنتے ہیں اور حروف صوامت کے اعداد قمری 543 ہیں بطریق مفرد (5+4+3) جمع کرے تو یہ بھی 12 بنتے ہیں۔

(2) سورۃ اخلاص کے ٹوٹل اعداد 1002 ہے، جس کا مفرد 3 بنتے ہیں اور حروف صوامت کے ٹوٹل اعداد 543 ہیں، جس کا مفرد بھی حیران کن طور پر 3 بنتے ہیں۔

(3) سورۃ اخلاص کے حروف 47 اور نقطے 10 ہیں جمع (47+10) 57 ہوتے ہیں، اور مفرد پھر 3 بنتا ہے۔

سورۃ اخلاص کے 13 حروف خالص کو روزانہ 444 مرتبہ لکھنا ہے تیرہ دنوں تک، حروف خالص یہ ہیں:

(ق، ل، ھ، و، ا، ح، د، ص، م، ی، ک، ن، ف)

ان تیرہ حروف کو روزانہ 444 مرتبہ ایک سطر میں لکھنا ہے اور لکھنے کے بعد ہر سطر کو قینچی سے کاٹ کر روزانہ آٹے میں گولی بنا کر دریا، یا نہر میں ڈالنا ہے، تیرا دنوں کے بعد ان حروف خالص کو 13 مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر غسل بھی کر لیں اور اس میں سے کچھ پانی پی لیں۔

(4) اسم ذات، سورۃ اخلاص اور بسم اللہ شریف کو حروف صوامت کے ساتھ خاص تعلق ہے "سورۃ اخلاص" میں کل 47 حروف ہیں، اور "اسم اللہ" میں 19 ان دونوں کو جمع کیا 66=19+47 ہوئے اور یہ عدد اسم ذات اللہ کا ہے، پس اس سے یہ معلوم ہوا کہ یہ سورۃ مقدس عکس ذات خداوندی ہے۔

(5) سورۃ اخلاص کے حروف خالص کے اعداد قمری 444 ہیں جمع کریں 12=4+4+4 بنتے ہیں، اور حروف صوامت کے اعداد قمری 543 کو جمع کریں 12=5+4+3 تو 12 بنتے ہیں۔

(6) اسم ذات کے اعداد قمری 66 کو جمع 12=6+6 کریں تو 12 بنتے ہے۔

(7) سورۃ اخلاص کے خالص حروف اعداد قمری 444 ہیں اگر اس عدد کو مفرد 4+4+4 کر دیا جائے تو 12 بنتے ہیں اور 12 کو 1+2 مفرد کر دے تو 3 بنتے ہیں، اور حروف صوامت کے اعداد 543 کا مفرد 12=5+4+3 ہوئے اور 12 کا مفرد 3 بنے۔

(8) سورۃ اخلاص کے حروف 47 نقطے 10 ان دونوں کو 47+10 جمع کیا تو 57 ہوئے، ستاون کا مفرد 3 بنے۔

(9) اسم ذات کے عدد 66 مفرد 3۔

(10) بسم اللہ شریف کے اعداد 786 ان کو جمع کیا 21=7+8+6 ہوئے اور 21 کا مفرد 3 بنے۔

دوستو اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص چاند یا سورج گرہن میں حروف صوامت کی زکات ادا کرنے کے بعد سورۃ اخلاص کو روزانہ 66 مرتبہ یا بسم اللہ الرحمن الرحیم کو 786 مرتبہ حروف صوامت کی رجعت کے اثرات سے بچنے کی نیت سے پڑھا کریں تو وہ اس کی رجعت و بندش سے بفضل خداوندی محفوظ ہوگا۔

چاند و سورج گرہن میں حروف صوامت کو روزانہ 13 کے بجائے اسم ذات "اللہ" کے عدد 66 مرتبہ لکھا کرے، تو اس عمل کے کرنے سے بھی رجعت سے محفوظ ہوگا۔

حروف ناطق سے حروف صوامت کا توڑ

ابجد کے 28 حروف ہیں 13 صامت جسے حروف صوامت کہتے ہیں، اور باقی 15 کو ناطق کہتے ہے، یعنی نقطوں والے حروف' حروف صوامت کی بندش اور رجعت کو حروف ناطق سے بھی کھولا جاتا ہے حروف ناطق یہ ہیں:۔

(ب،ج،ز،ی،ن،ف،ق،ش،ت،ث،خ،ذ،ض،ظ،غ)

اب ان پندرہ حروف کے الفاظ یوں بنتے ہیں۔

(بجز،ینف،قشت،ثخذ،ضظغ) ان حروف کی زکات دے کر حروف صوامت کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔

(1) ہجری ماہ ایسا منتخب کریں جس کے پہلے 15 دنوں میں قمر در عقرب نہ ہو، مندرجہ بالا الفاظ کے قمری اعداد 5452 ہیں، چاند کی کیم تاریخ سے بعد نماز عشاء روزانہ 363 مرتبہ ان الفاظ کو چودہ دنوں تک لکھیں اور پندرہویں دن یعنی آخری روز 370 مرتبہ لکھ کر زکات مکمل کریں، ہر لفظ کو الگ الگ کاٹ کر آٹے کی گولی میں بند کر کے دریا میں ڈال دیا کریں، پندرہ روز کے بعد آپ حروف ناطق کے عامل بن جائیں گے۔

(2) حروف ناطق کی زکات سات دنوں میں دیں، یعنی روزانہ 778 بار چھ دنوں تک اور آخری ساتویں روز 784 مرتبہ لکھ کر عمل مکمل کریں، عامل بننے کے بعد یہ بات بہت اہم ہے کہ دو عدد نقش حروف ناطق کے بنالیں ایک داہنے بازو پر باندھ لیں اور دوسرا نقش 13 دن تک پانی میں گھول کر پی لیں۔

حروف صوامت سے متعلق اہم معلومات

(1) چاند گرہن کی نسبت سورج گرہن میں حروف صوامت کی زکات دینا یا اس سے کام لینا زیادہ مؤثر ہے، چاند کا مزاج سرد ہونے کی وجہ سے وہ اپنا اثر آہستہ آہستہ دکھاتا ہے۔

(2) 13 سال یا تیرا گرہنوں (سورج وچاند) میں حروف صوامت کی زکات دینے سے عمر بھر کے لئے اس کا عامل کامل بن جاتا ہے، چونکہ حروف صوامت کی تعداد 13 ہے اس لیے زکات بھی تیرا سال یا تیرا گرہنوں میں دینی ہوگی۔

(3) عدد 13 کو اگر مفرد کر دیا اور 4=3+1 ہوئے، مطلب تاثیر کے لئے آتشی، بادی، آبی، خاکی، چاروں طرح کے عنصر کے نقوش استعمال میں لائیں۔

(4) اگر حروف صوامت کے اعداد 543 کو مفرد کر دیا جائے، 12=5+4+3 ہوئے، اور 12 کو مفرد کر دیں 3=1+2 ہوئے، اور حروف صوامت کے حرفوں کی تعداد 13 کو مفرد کر دیں 4=1+3 ہوئے، اس سے معلوم ہوا کہ اگر مربع اور مثلث خانوں والے نقوش سے حروف صوامت کے اعمال تیار کئے جائیں تو جلد اثر پذیر ہوتے ہیں۔

(5) اگر حروف صوامت سے اعمال تیار کرنے ہوں تو عربی الفاظ عقد اللسان، عقد الزنا، عقد النکاح، اور فارسی کے الفاظ بستم زبان، بستم فرج

بسم نکاح کے الفاظ استعمال مت کریں کیونکہ یہ ناطق یعنی نقطوں والے جملے ہیں بجائے عربی اور فارسی الفاظ کے آپ اُردو کے الفاظ استعمال میں لائیں کیوں کہ اُردو کا مجموعی عدد 211 ہے اور اس کا مفرد 13=2+11 ہوا جو حروف صوامت کے زیادہ قریب ہے۔

(ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ھ) یہ ٹوٹل 13 الفاظ ہیں۔

جس قدر بندش کے عمل ہوں انہی الفاظ سے کیے جا سکتے ہیں۔

ان حروف کی زکات کے بعد ہر قسم کی بندش مثلاً، زبان بندی، قدم باندھنا، جاری خون باندھنا، گرتے حمل کو باندھنا، نظر باندھنا، بھاگنے والے جانور یا آدمی کو باندھنا، کسی شخص کی عادت بد کو باندھنا۔

غرض اللہ کریم کے فضل و کرم سے انسانی حاجات کے چوتھائی حصے پر عامل کو قدرت حاصل ہو جاتی ہے کہ وہ ان کو اپنے عمل کے زور سے جائز مقاصد کے لئے باندھ دے۔

اس کے علاوہ بہت سے ایسے کام ہیں جن کا تعلق عقود سے ہے وہاں ان حروف سے کام لیا جاتا ہے۔ باندھنا اور روکنا صرف انہی سے ممکن ہے۔ انسانی ضروریات میں چوتھائی کام ان حروف سے کئے جا سکتے ہیں عاملین نے یہ تقسیم ابجد شمسی سے مقرر کی ہے کیوں کہ شمس سریع الاثر ہے نیز اس کی تاثیر ایک منٹ سے چوبیس گھنٹوں کے اندر ظاہر ہوتی ہے اسی لئے عاملین نے اسی سے کام لیا ہے مگر جو طلسمات یا نقوش وضع کئے جاتے ہیں وہ ابجد قمری کے حروف شامل کر کے تیار کرتے ہیں۔ ان کا استعمال نہایت سادہ اور آسان ہے علاوہ ازیں دیگر اعمال بخورات، لوازمات سے تقریباً کوئی سروکار نہیں۔

ان سے اعمال کسی گرہن، ہبوط قمر، یا قرآن شمس و قمر، یا تحت الشعاع میں تیار کرتے ہیں نقش عموماً خاکی رفتار سے لکھے جاتے ہیں اعمال کی تیاری کے وقت تنہا پاک و صاف جگہ جو خوب معطر ہو باوضو ہو کر تیار کرتے ہیں۔ دوران تیاری عمل گفتگو منع ہے اگر کوئی مخاطب کرے تو خاموش رہیں۔ ورنہ عمل باطل ہو جائے گا عمل تیار کرنے کے بعد سائل کو حسب توفیق شیرینی بچوں میں تقسیم کرنے کی ہدایت کریں۔

جائز مقاصد کے کیلئے باندھنے والے اعمال

یہاں یہ وضاحت بھی کر دیں کہ آپ اپنی زندگی کے اس مخدوش دور میں تمام جائز ضرورت مندوں کو ضرور فائدہ پہنچائیں لیکن غیر ضروری اور غیر شرعی امور کے لئے ان سے کام نہ لیں اور نہ ہی بات بات پر لوگوں کی زبان بندی، کاروبار کی بندش یا انہیں سزا دیں۔ ہاں جب معاملہ سر سے گزر جائے تب بے شک ان سے اپنے تحفظ کا انتظام جائز مقاصد کیلئے کریں ان سے فوری ضرورت کے اعمال ہر وقت تیار کئے جا سکتے ہیں بے شمار مقاصد کے لئے یہ سطور ہیں۔ ایک بات یاد رکھیں ہماری اصل قرآن و حدیث ہی ہے یہ کام اسی وقت کیے جائیں گے جہاں شریعت نے اجازت دی ہوگی اور ناجائز اور حرام کاموں کے لیے کیے گئے تو ساری زندگی اور آخرت کیلئے آپ پر وبال ہوگا اور دنیا و آخرت برباد ہوگی۔

(1) آدمی کی زبان بندی تاکہ مخالفت نہ ہو (2) چور باندھنا تاکہ چوری نہ کر سکے (3) کان باندھنا تاکہ سن نہ سکے (4) ہتھیار باندھنا

تا کہ آپ کو نقصان نہ دے سکے(5) کھیتی باڑی باندھنا (6) کاروبار باندھنا(7) جہاز باندھنا تا کہ بندرگاہ میں داخل نہ ہو سکے(8) دودھ باندھنا(9) طلاق باندھنا(10) نکاح باندھنا(11) مار پیٹ باندھنا(12) ساع باندھنا(13) روح باندھنا تا کہ کسی انسان یا گھر میں داخل نہ ہو سکے(14) مشینری باندھنا(15) تبدیلی باندھنا(16) قبضہ باندھنا(17) حمل باندھنا تا کہ ساقط نہ ہو (18) ہمہ قسم کا نشہ باندھنا(شراب، ہیروئین، افیون، چرس وغیرہ)۔(19) خرد باندھنا (20) نیند باندھنا(21) انزال واحتلام باندھنا(22) باہر رہنے والے کے قدم باندھنا(23) گھر شہر یا ملک کے باہر جانے والے کے قدم باندھنا(24) بواسیر باندھنا ایسے کام (جائز مقاصد) کے لئے ان حروف سے ہی لئے جاسکتے ہیں جو صرف اعلیٰ قدر کی قوت رکھنے والوں کی کرامت ہوتے ہیں۔

خاص ساعتوں کے خاص اعمال

یاد رہے سطر عمل تیار کرتے وقت نام مع والدہ کا استعمال ضروری ہے اس سے قبل کہ ہم وہ سطور بیان کریں بندش کے لئے عموماً فارسی کا لفظ بستم یا عربی کا عقد استعمال کرتے ہیں جس غرض یا مقصد کے لئے عمل کرنا مقصود ہو اس کی سطر انتہائی مختصر مگر جامع ہونی چاہئے جو نفی واثبات کی صورت کو بھی پورا کرتی ہو۔ طلسمی سطر قائم کر کے خود یا کسی دوسرے کو دینا مطلوب ہے تو استخراج شدہ عمل کے کاغذ یا لوح کو کسی اندھیری کوٹھری میں وزنی پتھر کے نیچے رکھیں تا کہ پورا بوجھ اس کاغذ یا لوح پر پڑے۔

اعمال زبان بندی: طالع برج جوزا، عقرب یا حوت ہو۔ قمر وزہرہ سعد نظرات رکھتے ہوں، دن بدھ اور عطارد کی ساعت ہو۔

جاری چیز کو باندھنا مطلوب ہے مثلاً احتلام باندھنا، خون بواسیر باندھنا، زنا وغیرہ قمر وزہرہ، یا زہرہ برج میزان یا ثور میں ہو یا قمر ہبوط میں ہو تو تیار کریں یا قمر و مریخ میں مقابلہ یا تربیع کا وقت بھی موثر ہے۔

قدم، قبضہ، مکان، جائیداد، ملازمت یا طلاق باندھنا ہو تو ساعت زحل میں یا ہبوط قمر ہو عقد وبستگی قوت مردانہ کو باندھنا مطلوب ہو تو طالع برج ثور ہو، زہرہ برج میں یا برج اسد کے' قاطع اولاد و بانجھ پن پیدا کرنے کے لئے ہبوط قمر ہو، یا قمر وشمس یا مریخ بحالت رجعت مغرب میں غروب ہو رہا ہو۔

بعض اعمال میں بعض منازل قمر بھی ان سے مخصوص ہیں۔ یاد رہے کہ غفرہ، زبانہ، برج میزان سے الغائم برج قوس سے متعلق ہے۔ ہقعہ، ہنفعہ اور زراعہ برج جوزا سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان میں زراعہ طلسمات کا کام دیتی ہے یہی کام ہنفعہ سے بھی لیا جا سکتا ہے۔ علمی طور پر تو اتنی باریکیوں میں ضرور جانا چاہئے۔ ورنہ صرف ساعت ہی کام دے گی۔

عطارد سے بندش کے اعمال کو نہ سمجھیں۔ قمر وعطارد کی نظر یا صرف عطارد کی ساعت زبان بندی، جاری چیزوں کو باندھنے کے لئے ہے علاوہ ازیں عطارد کا تعلق نطق وتحریر سے بھی ہے اس طرح قمر وزحل کی نظر یا زحل کی ساعت میں قدم' قبضہ ایسے امور کے باندھنے کے لئے ہے۔

مشتری میں روپیہ پیسہ مال کی بندش کی جاتی ہے اسی طرح قمر پانی، خون اور جاری اشیاء مثل بخار وغیرہ سے متعلق ہے۔

زہرہ کا تعلق عورت سے ہے، مریخ کا تعلق مرد اور اسلحہ اور اس سے متعلقہ اشیاء سے ہے۔ اس میں اسلحہ کو باندھا جاسکتا ہے تاکہ کوئی وار نہ کر سکے، تلوار، توپ، بندوق، چاقو، چھری، سب اسی سے باندھتے ہیں۔

شمس کا تعلق صحت سے ہے، نیز حکام اور امراء سے بھی ہے۔ زحل زمین مکان قدم، قبضہ جائیداد سے متعلق ہے۔ اسی طرح بعض ابجد مختلف امور میں کام دیتی ہیں ان ابجد کے نقشہ جات اس وقت ہمارا موضوع نہیں مگر یہاں ضمناً بیان کئے دیتے ہیں تاکہ صاحب ذوق اور علم حضرات کو یہ معلوم ہو سکے کہ یہ موضوع کتنا وسیع و دقیق ہے۔

حروف صوامت سے بندش کیسے کی جائے

حروف صوامت سے کی جانے والی کچھ بندشیں نوٹ کر لیں۔ (صرف جائز مقاصد کے لیے)

1۔ بستم سر درد فلاں بن فلاں۔ (درد سر باندھنا)

2. عقد الدم رحم والحمل لا یدموا۔ (خون جانے سے حمل گرنے کا خطرہ ہو تو)

3. عقد الزناء مابین فلاں وبین فلاں لاتنزنی ابدآ۔ (عورت اور مرد کے مابین زنا کی عادت باندھنا)

4. ضبط نطفہ فلاں بنت فلاں حمل قرار نہ شود۔ ضبط نطفہ فلاں بن فلاں حمل قرار نہ یابد
(یہ عمل تب تیار کر کے دیا جاتا ہے جب میاں بیوی کو مزید اولاد کی ضرورت نہ ہو)

5. بستم ملازمت فلاں در دفتر فلاں نہ تبدیل دفتر نہ عہدہ (تبدیلی ملازمت باندھنا)

6. عقد الساقط الحمل فلاں لا السقد والسقط (حمل ساقط نہ ہو)

7. عقد التعلق زن وشولامجامعت ابدا (مجامعت باندھنا)

8. عقد العقل والخرد فلاں فی حق فلاں صم بکم عمی فہم لایعقلون۔ (ناجائز محبت میں عقل و خورد باندھنا یعنی چھٹکارا پانا)

9. بستم قدم فلاں بسوئے خانہ خانہ فلاں تا نتوا اندر سد۔ (کسی کے ہاں جانے سے روکنا)

10. بستم رغبت دل فلاں در محبت فلاں تا محبت نہ شود۔ (دو افراد کے درمیان ناجائز تعلق کو ختم کرنا)

11. بستم قدم دریں مکاں فلاں بن فلاں بیرون قرار نہ یابد۔ (گھر سے باہر رہنے والے کے قدم باندھنا)

12. عقد السان کل مخلوق معلوم وغیر معلوم فی حق فلاں۔ (مخلوق کی زبان بندی)

13. بستم نکاح ونسبت فلاں ماسوائے فلاں
(رشتے کی بندش لگانا۔ اس بندش میں رشتہ جس کے ساتھ باندھا جاتا ہے اس کے علاوہ کسی اور سے نہیں ہو سکتا)

14. بستم عادت شراب نوشی فلاں بن فلاں ترک شراب ابدا۔ (نشہ کی بندش کرنا)

15: بستم دوکان/گھر/زمین فی حق مقبوضہ فلاں تا طلب خالی کردن نہ کند۔ (گھر/زمین یا دوکان کا قبضہ باندھنا)

16: بستم قلب فلاں در محبت فلاں فلاں تا رجوع نہ کند۔ (ناجائز محبت باندھنا)

17: بستم عقدالتعلق عاشقی فلاں مابین فلاں لاتنزنی۔ (ناجائز عشق و تعلق باندھنا)

18: بستم دست دزدی فلاں ارادتا عادتا عملاً فعلاً دزدی نہ تواند کرد۔ (چوری کی عادت باندھنا)

19: بستم زبان درغرض وحق فلاں کبھی خلاف نہ بولے۔ (زبان بندی کرنا)

20: بستم اجرا خون سینہ وحلق فلاں خون نہ جا۔ (جاری خون باندھنا)

21: بستم دست سزا فلاں فی حق فلاں سزا کے ہاتھ نہ ہلیں۔ (مارنے کی عادت باندھنا)

22: بستم انزال وسرعت منی فلاں قطعی منزل نہ ہو۔ (انزال واحتلام باندھنا/قوت باہ کے لیے طلسم تیار کرنا)

23: بستم رخصتی وبارات فلاں بن فلاں بہ فلاں بنت فلاں کہ ہرگز برا۔ طلبید ن رشتہ جمع نہ شوند تا من نکشائم ہیچ کس نکشائید بحق یا قابض (بارات اور رخصتی باندھنا)

24.ختم اللہ علی قلوبھم و علی ابصارھم فلاں فی المحبت والمودۃ فلاں
(محبت میں عقل وخرد باندھنا۔ یہ عمل تب کیا جاتا ہے جب شوہر یا بیوی دوسروں کی باتوں میں آ کر اپنے شریک حیات سے لڑتا ہو)

25: بستم زبان ودست فلاں فی حق فلاں صم بکم عمی فھم لا یرجعون۔ (مارنے اور گالی کی عادت باندھنا)

26: بستم نکاح فلاں بن فلاں با فلاں بنت فلاں ہرگز نکاح نہ شود تا من نکشائم ہیچ کس نکشائید بحق یا قابض۔
(کسی مخصوص جگہ کے لئے نکاح باندھنا تا کہ نکاح نہ ہو سکے)

27: بستم قدم در مکان خود فلاں بیرون قیام نہ پذیرد۔ (باہر رہنے والے کے قدم باندھنا)

28۔ بستم قدم فلاں در پاکستان بیرون نہ رود۔ (ملک سے باہر جانے والے کو باندھنا)

29.عقدالعقل والخرد وہوش وحواس ظاہری و باطنی قلب ودماغ دست وچشم لب وگوش زبان و بینی وشش وشصت رگ بدن فلاں بن فلاں فی غرض وحق فی المحبت والمودۃ فلاں بنت فلاں۔ (کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا)

30: بستم فرج فلاں بنت فلاں بر ذکر مخلوق معلوم ونامعلوم تا من نکشائم ہرگز نکشائید لاتنزنی ابدا۔ (عورت کا زنا سے باندھنا/بچانا)

31: بستم ذکر فلاں بن فلاں بر فرج بنات حوا معلوم ونامعلوم تا من نکشائیم ہرگز نکشائید لاتنزنی ابدا (مرد کی زنا کاری باندھنا)

32: بستم طلاق مابین فلاں وبین فلاں طلاق واقع نہ شود ابدا۔ (طلاق کی بندش کرنا)

33: بستم نسبت ونکاح فلاں بن فلاں مابین فلاں بنت فلاں تا درمیان ہر دو ر انسبت ونکاح ہرگز ہرگز نہ شود

(منگنی توڑنا/ یارشتہ اگر بری جگہ ہورہا ہوتو اس سے بچنے کے لیے بندش لگانا)

34: بستم ذکر/فرج فلاں لاادخل فرج/ ذکر ماسوافلاں (شوہر/ بیوی کی بندش کرنا تا کہ وہ اپنے شریک حیات کے علاوہ کسی سے اپنی
خواہش پوری نہ کر سکے)

یاد رہے کہ حروف صوامت کے تعویزات کو تب بھی کام میں لایا جاسکتا ہے جہاں تعویز پلانا ممکن ہی نہ ہو۔حروف صوامت کے تعویزات کوئی بھی استعمال کرسکتا ہے، سارا کام عامل نے کرنا ہوتا ہے،تعویزات وہ خواتین بھی کرواسکتی ہیں جو اپنے گھر تعویز نہیں منگوا سکتی ہیں۔

*****

حروف صوامت کے چار اعمال چار طریقے

(عامل حافظ زاہد، لاہور)

چار اعمال چار طریقے

قرآن کریم میں ''صُمٌّ بُکْمٌ'' کی چار آیات ہیں جہاں لوگ اپنے وعدوں سے پھر جانے والے ہوں یا کسی کے خلاف ہونے کا اندیشہ ہوتو اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ ''صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ'' روزانہ 1100 بار مطلوب کا تصور کر کے پڑھیں۔

اگر چاہیں کہ کوئی خلاف نہ سوچے نہ حسد کرے نہ تدبیریں کرے تو اس کے فہم کو باندھ دیں اس کے لیے اول آخر درود پاک کے ساتھ ''صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ'' روزانہ 1100 بار پڑھیں۔

اگر چاہیں کہ کوئی ناجائز مخالفت نہ کرے، بدگوئی نہ کرے، چغلی نہ کرے تو آیت ''صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ'' روزانہ اول آخر درود پاک کے ساتھ 700 بار پڑھیں۔

اگر چاہیں کہ کوئی نظر بد اور حسد سے نہ دیکھے تو یہ آیت اول آخر درود پاک کے ساتھ 1100 بار ''صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ''۔ایک سطر تیار کریں جو مطلب کی ہو مثلاً کوئی خلاف کہتا ہے، چغلی کرتا ہوا اس سے نقصان کا اندیشہ ہے تو سطر یوں تیار کریں۔عقد اللسان (مطلب معہ والدہ۔۔۔۔۔۔) فی حق (طالب معہ والدہ۔۔۔۔۔) صم بکم عم فہم لایتکلمون اب اس سطر کو بسط کریں۔یعنی ایک ایک حروف الگ الگ کر کے لکھ دیں۔دوسری سطر میں حروف صوامت ایک ایک کر کے لکھ دیں۔اب ایک حرف صوامت
لیں۔ایک سطر مطلب کا لیں پھر ایک صوامت کا لیں ایک مطلب کا لیں اسی طرح تمام سطر مطلب کے حروف کو حروف صوامت میں امتزاج دے دیں حروف صوامت کو بار بار استعمال کریں حتیٰ کہ سطر مطلب ختم ہو جائے اب اس نئی امتزاج کی سطر کے چار چار کے حروف کے کلمات

بنائیں اور انہیں کسی کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنالیں۔ ایک طالب اپنے پاس رکھے دوسرے کو مطلوب کے تکیہ میں یا گزرگاہ میں یا بیٹھنے کی جگہ میں دبادیں (خیال رہے ایسی جگہ رکھا جائے جہاں بے ادبی نہ ہو) اگر ایسا کوئی امکان نہ ہو تو کسی اندھیرے کمرہ میں پتھر کے نیچے اس کو دبادیں۔ حروف صوامت کے اعمال کا دائرہ کار بہت وسیع ہے صرف ان چار مقاصد پر ہی منحصر نہیں اور بھی بہت سے معاملات میں اس سے کام لے سکتے ہیں۔ مثلاً سردرد باندھنا، حمل گر رہا ہو اس کو باندھنا، کوئی جانور یا آدمی بھاگ جاتا ہو اس کو باندھ دینا، کسی کا رشتہ ٹوٹ رہا ہو اس کو باندھ دینا، غرض زندگی کے چوتھائی کام اس سے نکلتے ہیں صرف سطر بنانے میں سوچ سے کام لینا چاہیے۔ یہ ضروری نہیں کہ مطلب میں کوئی آیت استعمال کی جائے سادہ الفاظ میں بھی سطر کی بندش کر سکتے ہیں جو اثبات ونفی میں ہو۔ مثلاً بستم تر درد (یہ تو ہوا اثبات) وردنہ ہو (نفی کردی) اسی طرح تمام مطالب کی سطریں تیار کرنی چاہئیں۔ نہایت موثر کلمات بنتے ہیں۔

*****

میاں بیوی میں مثالی محبت کے لئے سات اعمال
2022 کی جنتری کیلئے خاص تحفہ

(بابا اکرام الدین، ملتان)

رفیق حیات کی نیندیں اڑا دینے والے اعمال

باب الحب خوابند (عقد النوم) مطلب یہ ہے کہ زوجین کی نیند باندھ دی جائے تاکہ وہ سونے کی بجائے میاں اپنی بیوی اور بیوی شوہر کے خیالوں میں بسی رہے اور رات کی تنہائی میں ایک ہی تصور میں رہے تو وہ مجبور ہو جائے کہ اس کے بغیر میرا جینا مشکل ہے۔ میاں بیوی ان مجربات سے خاص فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن میں کسی وجہ سے علیحدگی واقع ہوگئی ہو یا گھر میں یہ ناراضگی اور تو تو میں میں کی فضا ہو۔ یاد رہے یہ تعویذات قمر درعقرب میں لکھنے چاہئیں۔ یا قمر وزحل میں نظر بد ہو تو لکھے جاتے ہیں۔ جائز مقصد کے لئے مخالف دوست یا دشمن کی نیند بھی باندھ سکتے ہیں یا ناراض دوست کی نیند بھی باندھ سکتے ہیں میاں بیوی کی محبت بڑھانے کے لئے یہ بھی ایک عجیب قاعدہ ہے۔

شوہر کو اپنی محبت میں تڑپا دینے والا عمل

اس نقش کو لکھے اور بازو پر باندھے تو اس شخص کا خواب بند ہو۔ بے آرام و بے قرار ہو کر اپنے خاوند یا اہلیہ پاس چلا آئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ واللہ من وراءھم محیط۔ بل ھو قران مجید فی لوح محفوظ
(خواب بندی فلاں۔۔۔۔۔ بنت فلاں فی حق فلاں بن فلاں۔۔۔۔۔)
نوٹ: فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اور دوسرے فلاں میں طالب کا نام لکھا جائے۔

العجل العجل العجل الساعه الساعه
الساعة طادع ۱۱۱ امامله سرام ۔۔۔
۱۸۱۱ ۱۸ ۱۱۱ ۱۱ ع ۔۔۔ سوئی عححح عححح عححح

بے چین کرنے والا دوسرا عمل

اگر کسی کو اپنی چاہت میں دیوانہ کرنا ہو اور اس کا خواب باندھ دینے کا ارادہ ہو تو اس کے پاؤں کے نیچے کی خاک لائے۔ اس طرح کہ کسی کو معلوم نہ ہو سکے اور ان کلمات کو سات مرتبہ اس پر پھونکے اور اس خاک کو اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو مطلوب کی نیند بند ہو جائے گی۔ یہ کام صرف جائز مقصد کے لئے کر سکتے ہیں۔ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یَآاَیُّھَا النَّاسُ قَدْجَآءَ کُمْ بُرْھَانٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ عَظِیْمٍ۔

میاں بیوی میں محبت کا تیسرا عمل

اگر چاہے کے کسی کی خواب بندی کرے تو ایک تالا لوہے کا لیں اور سات بار (۱) سورۃ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ (۲) فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ (۳) اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ پڑھ کر تالے پر دم کرے اور تالا بند کر دے اور کسی روشن دان یا کسی اونچی جگہ یا کسی اور جگہ حفاظت سے رکھ دے تالے پر دم کرنے کے بعد کہے کہ "میں نے فلاں کی خواب بندی کی۔ اگر وہ مجھے نہ دیکھے تو دیوانہ ہو اور قرار نہ پائے"۔

زوجین میں نفرتیں مٹانے والا چوتھا عمل

میاں بیوی کی آپس میں نفرتیں اور عداوتیں ختم کرنے کے لئے بڑی سوئی لے کر ہر رات اس پر نیچے ذکر کردہ آیات پڑھے اور دم کرے دم کرتے وقت ہر دفعہ یوں کہے کہ "میں نے فلاں بنت فلاں کی خواب بندی برائے عشق و دوستی فلاں بن فلاں کے لیے کی۔ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ طٰهٰ. مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی. اِلَّا تَذْکِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی. تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی. اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی. (سورۂ طٰہٰ کی پہلی پانچ آیات)

یہ آیت مطلوب کے نام مع والدہ کے عدد کے مطابق پڑھے عمل ختم ہونے کے بعد زمین میں دفن کر دے اور کہے کہ اس سوئی سے فلاں کی

آنکھ، منہ، ہفت اندام کو سی دیا اور خواب کو باندھ دیا۔ جائز حاجات مطلب کے کسی روٹھے کو منانے جیسا کہ بیوی کی محبت کے لئے یہ عمل کریں' اللہ تعالیٰ کے امر سے خواب بندی ہو جائے گی۔

شوہر اس عمل سے تڑپ جائے گا پانچواں عمل

(۵) شوہر کے بال لے کر اس پر سات گرہ دے ہر گرہ پر یہ دعا ایک مرتبہ پڑھے اور پھونک مار دے اور ان بالوں کو اپنے تکیے میں رکھ لے یا کسی جگہ دفن کر دے۔ یہ عمل شوہر بھی اپنی بیوی کے لئے کر سکتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْيَقِيْنُ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْمَلِكُ الْعَرْشِ الْعَظِيْمُ۔ میں نے فلاں بنت فلاں کی خواب بندی کی۔

میاں بیوی کو ایک دوسرے کی یاد میں تڑپا دینے کا چھٹا عمل

فولاد کی چھری لے کر اس پر یہ نقش لکھیں اور غلاف چڑھا دیں۔ پھر تکیہ کے نیچے تین روز تک رکھ کر سوئے تو مطلوب کو خواب و قرار نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
۱۸۹۱۱ ی ہ ہ ی ۱۱۹۱۱ کہ ۹۹۸۱۱۱۱۱۱۹
بستم خواب فلاں بنت فلاں علی حب فلاں ابن فلاں
العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

من چاہی جگہ شادی کرنے کے لئے

یہ قصہ اس طرح لکھا ہے کہ بادشاہ کی لڑکی محل میں کھڑی تھی کہ ایک شخص نے اسے دیکھا اور دیوانہ ہو گیا۔ کپڑے پھاڑ ڈالے ایک عامل نے اسے دیکھا۔ تو فراست سے معلوم کیا' یہ عشق کا مارا ہے۔ اس سے اصل ماجرا معلوم کیا۔ تو اس نے انکار کیا کہ میں نے اگر کوئی لفظ کہا تو مجھے سنگسار کر دیں گے۔ اس عامل نے اسے تسلی دی۔ تو اس نے بتایا کہ میں شاہ زمن کی دختر کا دیوانہ ہوں۔ وہ چھت پر کھڑی تھی کہ میری یہ حالت ہو گئی۔ اس عامل نے کہا کہ یہ بات کسی سے مت کہنا تا کہ مقصد حاصل ہو سکے اور یوں کر لو خون ہُد ہُد میں ایک جونک خشک کر کے اس میں مغز سر بچہ بھی ملاؤ۔ تینوں چیزوں کے محلول کو ایک پلیٹ کے اندر لگا دو۔ آدھی رات کے وقت چراغ کے اوپر رکھ کر اسے گرم کرو اور نام لینا شروع کر دو اتنا گرم کرو کہ اس کا دھواں تمہارے دماغ کو پہنچے اور پھر باہر نکل جائے کچھ وقت گزر جائے تو اسی طرف جاؤ۔ جدھر تم نے اسے دیکھا ہے۔ وہ زاری کرتی ہوئی چھت پر آئے گی۔ تو تم پھر چراغ جلا کر طشت کے دوسری طرف آگ دینا اور نام لے کر پکارنا تو وہ لڑکی تمہارے ساتھ شادی کے لئے بے قرار ہو جائے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بادشاہ نے تمام حکماء کو بلایا تو تمام نے کہا کہ ایسا علم اور حکمت ہماری سمجھ سے باہر

ہے کہ لڑکی کس امر سے مجبور ہو کر ایک غریب کے ساتھ شادی کے لئے بے قرار اور بے چین ہو گئی۔

اہم نوٹ: یہ بات یاد رکھیں کہ یہ جتنے بھی اعمال دیے گئے ہیں نہایت تجربہ شدہ، اور حب کے لئے بے مثال ہیں لیکن اس وقت تک جب وقت انھیں جائز اور حلال کاموں کیلئے کیا جائے گا اگر کسی شخص نے ناجائز کرنے یا حرام کاموں کیلئے کیا تو اس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا، اس کی دنیا بھی برباد ہوگی اور قبر و آخرت میں بھی اس کیلئے کچھ نہ ہوگا اللہ کریم اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ماننے میں ہی خیر اور کامیابی ہے نفس اور شیطان کی ماننے میں دنیا اور آخرت کا نقصان ہے۔

دو نفل پڑھیں اور ہر حاجت پوری

جس شخص کو کوئی حاجت درپیش ہو خواہ کتنی پریشانی ہو تو لازم ہے کہ فوراً وضو کر کے کسی مسجد میں یا صاف یا گھر میں علیحدہ کمرہ میں بہ نیت حاجت دو رکعت نماز نفل ادا کرے، پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور تسمیہ ستر بار پڑھیں۔ دوسری رکعت میں یہ پڑھ کر معوذتین تین بار پڑھے پھر سلام پھیر کر ستر مرتبہ درود شریف پڑھے پھر خدا سے حضوری قلب کیساتھ اپنے مقصد کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی اور مشکل آسان ہوگی بارہا کا آزمودہ ہے۔

*****

سالہا سال پرانی ڈائری 2022 عبقری جنتری کی نذر

(محمد طاہر نقشبندی، فیصل آباد)

گھر یا کاروبار کی نحوست ختم کرنے کا عمل

ہر روز سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ کر پانی پر پھونک مار کر دم کریں، مکان میں چاروں طرف اور ہر کمرہ میں چاروں طرف چھڑک دیں یہ عمل اکیس دن کریں انشاء اللہ نحوست ختم ہو جائے گی۔

کالے جادو کی کاٹ خود کریں۔۔۔!

آیت الکرسی، سورۂ الفلق اور سورۂ الناس کو اکیس اکیس مرتبہ صبح و شام اکیس روز تک پڑھ کر مسحور پر دم کریں فوراً سحر دور ہوگا اگرچہ کیسا ہی کالا جادو ہو اور پرانا جادو ہو اللہ کے فضل سے اس عمل پر مجھے بہت بھروسا ہے کرنے والا ناکام اور نامراد نہیں ہوتا۔

میاں بیوی روٹھ گئے ہیں تو یہ چنے کا عمل کیوں نہیں کرتے۔۔۔!

میاں بیوی میں سے اگر کوئی روٹھ گیا ہو تو چالیس چنے کے دانے لیں پھر سورۂ اخلاص کو ہر دانہ پر چالیس چالیس مرتبہ پڑھ کر آگ میں

ڈالتے جائیں پھر کہیں کہ فلاں ابن فلاں کا دل میری محبت میں جلے تو چند دنوں میں مطلوب مسخر ہو جاتا ہے ۔! یہ عمل کریں اور مجھ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں ۔ ادھر چنے جلتے ہیں اور ادھر مطلوب یعنی شریک حیات کا دل تڑپ جاتا ہے بے چین ہو جاتا ہے اور بالآخر مجبور ہو کر طالب کے پاس چلا آتا ہے۔

کوئی راز معلوم کرنے کا بے مثال عمل

ایک بات یاد رکھیں ! کہ ہر چیز محنت سے حاصل ہوتی ہے اسی طرح روحانیت اور دل کی دنیا بھی ریاضت سے حاصل ہوتی ہے کہ جتنا ظاہر اور باطن کو پاک کر کے ہر نماز کے بعد ایک ہزار (1000) مرتبہ ان اسماء حسنیٰ کو پڑھا کرے ۔ ''یَاھَادِیُ یَاخَبِیۡرُ یَامَتِیۡنُ یَاعَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ'' تو دلوں کے بھید اس پر کھل جاویں اگر تین ہفتے تک ریاضت کی جائے تو آسمان و زمین کے رازوں پر اسے اطلاع ہوتی رہے ریاضت کے دنوں کے بعد ایک تسبیح (100) روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھنی چاہیے۔

ہر ناجائز رشتہ کو باندھ دیں

اگر مرد و عورت میں عشق و محبت ناجائز قسم کی ہو تو الحمد شریف کے اس عمل سے اس کو باندھ دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ بستم رویش رب العالمین بستم مویش و بستم دلش الرحمن بستم لبانش الرحیم بستم گوشش مالک یوم الدین بستم سیداش فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں ایاک نعبد بستم شکمش و ایاک نستعین بستم زبانش اھدنا الصراط المستقیم بستم دستہاش صراط الذین بستم پائش انعمت علیھم بستم عقلش غیر المغضوب بسم ھوشش علیھم ولا ضالین آمین۔

طریقہ عمل: طریقہ یہ ہے کہ دونوں میں سے کسی کا پہنا ہوا کپڑا لے لیں اس پر کالی سیاہی سے عین گرہن کے وقت لکھیں اور لوہے کی کیل سے سرہانے گاڑ دیں دونوں میں جس کے سرہانے بھی گاڑا جاسکے یا چارپائی پر کیل سے سرہانے کی طرف کسی جگہ لگا دیں کہ معلوم نہ ہو سکے انشاء اللہ جذبہ سرد پڑ جائے گا۔

قبضہ گروپ سے مکان خالی کرانے کیلئے

اگر کسی نے ناجائز مکان پر قبضہ کر لیا ہے یا کوئی کرائے دار معیاد پوری ہونے کے باوجود مکان خالی نہیں کر رہا تو کالا دانہ لیکر اس میں سے سات دانہ روزانہ الگ کر کے ہر دانہ پر سات مرتبہ سورۃ الم ترکیف پڑھ کر دم کریں اور کسی بھی وقت یہ دانے ان کے مکان میں پھینک دیں لیکن ہر ہفتہ کو ان دانوں پر ''لَا تَذَرۡ عَلَی الۡاَرۡضِ مِنَ الۡکٰفِرِیۡنَ دَیَّارًا'' پڑھ کر دم کر کے ڈالا کریں اور باقی دنوں میں سورۃ الفیل پڑھیں۔

بندکاروبار چلانے کیلئے

جس دکاندار کا کاروبار فائدہ مند نہ ہو، گاہک نہ آتے ہوں ،اس کو چاہیے کہ ہر قمری ماہ کے شروع کے ہفتہ میں اس اسم کو پانچ ہزار(5000)مرتبہ پڑھ کرکام پر جایا کرے بہتر ہوگا کہ صبح کی نماز سے پہلے پڑھے اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پڑھے اگر پہلے ماہ روزی نہ کھلے تو اگلے ماہ بھی کرے اگر ہر ماہ کیا کرے تو تھوڑے عرصہ میں رزق میں بہت برکت وسعت ہوگی' بہت خلقت آئے گی اور روزی میں برکت ہوگی فتوحات جاری ہوں گی۔اسم یہ ہے"یَا کَرِیْمُ یَاوَهَّابُ ذِی الطَّوْلِ"

*****

حروف صوامت کے تین راز اور میرے خاص عملیات عبقری جنتری 2022ء پڑھنے والوں کے لیے

(خالد حسین قادری،ساہیوال)

ہر قسم کا سر درد ختم،فوری آرام

جس شخص کے سر میں درد رہتا ہو'سر درد کی وجہ سے پریشان ہو،طرح طرح کی گولیاں کھانے کے بعد بھی اسے افاقہ نہ ہوتا ہو،ٹیسٹ وغیرہ کروانے کے بعد بھی مرض سمجھ نہ آتا ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ درج ذیل الفاظ لکھ کر سر میں کسی کپڑے وغیرہ سے باندھے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

ابحس دترمر سںصر طںعس

کرللمرودھناہحھدو

دردگردہ سے فوری آرام

جس شخص کو گردہ کے درد نے تڑپا کر رکھ دیا ہو، درد پتھری کا ہو،گردوں میں پانی کی کمی کا ہو، کریٹینن کا مسئلہ ہو یا انفیکشن ہو،درج ذیل الفاظ لکھ کر گردہ کی جگہ پر باندھیں۔انشاء اللہ فوری آرام آجائے گا۔

ابحس دترمر سں صر طںعك

کرللمهودھراد

حںدںکارهسو

درد پتہ سے نجات کیلئے

اگر کسی شخص کے پتہ میں درد ہو اور کسی بھی طرح آرام نہ آ رہا ہو تو اسے چاہیے کہ درج ذیل الفاظ کو لکھ کر درد والی جگہ پر باندھ لے۔ انشاء اللہ بہت جلد درد سے نجات ملے گی۔

ابحس دتر مر سدصر طدعب

کتلہ مدور ھدان

حھدکارو

تسخیر اور برکت رزق کیلئے انمول موتی

(۱) اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَابَاسِطُ روزانہ 303 بار جب سونے لگے تو اس وقت ان کا ورد کرے اس کے بعد نہ کوئی کام کرنا ہے اور نہ کسی کو بلانا اور نہ کسی سے بولنا ہے یعنی بالکل خاموشی سے سوجائیں اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ بس اس کو معمول زندگی بنالیں اگر اس قدر نہ پڑھ سکیں تو صرف 72 مرتبہ پڑھا کریں مگر تعداد ہمیشہ ایک ہی ہو۔

(۲) پہلے اَعُوْذُ بِاللّٰہ پھر بِسْمِ اللّٰہ اور پھر فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ ستر (70) مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھا کریں اور اس کو معمول بنالیں دلی مقاصد حل ہوں گے اور ہر جائز مراد پوری ہوگی یقین شرط اول ہے ملتا بقدر یقین کے ہے۔

دکان کی ترقی اور کاروبار کی وسعت کیلئے

نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اس نقش کو طبعی چال سے زعفران سے لکھیں، لکھتے وقت لوبان یا عود وغیرہ کی خوشبو بھی جلادیں اس نقش کو لکھ کر شیشے میں لگا کر دکان میں کسی نمایاں جگہ لٹکا دیں انشاء اللہ اس نقش کی ایسی عظیم برکت ہوگی کہ دکان تھوڑے ہی عرصہ میں ترقی کی طرف گامزن ہوگی اور صاحب دکان مالدار ہوگا۔ لوگ اس کی برکت سے حیران ہوں گے۔

۷۸۶

۱۲۰	۱۳۴	۱۳۰	۱۲۷
۱۳۱	۱۲۶	۱۲۱	۱۳۳
۱۲۵	۱۲۸	۱۳۶	۱۲۲
۱۳۵	۱۲۳	۱۲۴	۱۲۹

آیت الکرسی سے آپ کی ہر پریشانی دور۔۔۔!

اگر انسان پریشان ہو اور کسی کام کا انجام اچھا نہ ہو اور چاہتا یہ ہو کہ کام اس کی منشاء کے مطابق ہو تو جمعہ کے دن بعد نماز عصر آیت الکرسی 17 مرتبہ پڑھے اس کے دل میں ایک عجیب کیفیت پیدا ہوگی پھر دعا کرے انشاء اللہ انجام بخیر ہوگا۔

من کی ہر مراد پوری۔۔۔صرف جائز مقاصد کیلئے

جو شخص کسی مصیبت یا غم میں مبتلا ہو گیا ہو یا کسی مطلوب کو وہ حاصل نہ کر سکتا ہو یا اپنے منصب سے معزول ہو گیا ہو تو ان سب چیزوں میں جس کو حاصل کرنا چاہتا ہو تو آیت کریمہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھے اور پڑھنے کے درمیان کسی سے کلام نہ کرے تنہا جگہ پڑھے اور چالیس دن تک متواتر صبح کی نماز کے بعد پڑھے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

ہر دشمن مغلوب اور فتح آپ کی

اگر کسی دشمن نے پریشان کر رکھا ہو اور کسی طرح بعض نہ آتا ہو ہر حربہ ناکام ہو تو جمعہ کے دن بعد نماز عصر آیت الکرسی کو 117 مرتبہ پڑھ کر ذیل دعا کو صرف اکیس (21) مرتبہ پوری توجہ سے پڑھیں۔ انشاء اللہ وہ دشمن خود مغلوب و پریشان ہوگا۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

دشمن پر فتح پانا

اگر آپ کا کوئی ایسا دشمن جو آپ کو بے جا تنگ کرتا ہو زندگی اجیرن کر دی ہے تو اس وظیفہ کو دشمن پر فتح یابی کیلئے پڑھیں۔ یَابَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالطَّرَائِقِ۔
آگے اس دشمن کا نام لیں جس کو برباد کرنا ہو یہ عمل دوپہر کے وقت ہر روز ۱۹۹ بار دشمن کے تصور سے پڑھا کریں۔ (کسی عالم دین سے معلوم کر لیں کے یہ وظیفہ کس شخص کیلئے پڑھنا ہے جہاں اشد مجبوری ہو کوئی دوسرا حل نہ ہو تو یہ وظیفہ اجازت سے پڑھا جائے)

اصحاب کہف کا اسم (یوانسبوس)

جس بچے کے گلے میں یہ مربع چاندی کی لوح پر منقش کر کے ڈال دیا جائے تو وہ بچہ ام الصبیان نظر بد اور سکھا بیر وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۴۸	۵۱	۵۵	۴۱
۵۴	۴۲	۴۷	۵۲
۴۳	۵۷	۴۹	۴۶
۵۰	۴۵	۴۴	۵۶

اب اس نام کے عمل کے جو اثرات ہیں وہ یہ کہ اگر دشمن قوی ہو یا مخلوق خدا اس سے تنگ آ چکی ہو تو بہر کیف اس عمل میں نفسیاتی خواہشات نہ ہوں۔ ترکیب عمل یہ ہے کہ کاغذ کے ایک طرف تو یہی نقش لکھیں اور دوسری طرف پشت پر ذیل عبارت تحریر کریں:

''یَاقَهَّارُ بِحَقِّ نَارُ اللهِ مُوْقَدَةُ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْئِدَةِ اَحْرَقْ قَلْبَ فلاں بن فلاں بِنَارِ قَهْرِهٖ بِحُرْمَتِ یُوانَسبُوس

اس طرح چار نقش تیار کر لیں اور قبرستان میں جا کر ایک ایک نقش چار مختلف پرانی قبروں میں دفن کر دیں اس طرح چار دن، آٹھ دن، بارہ دن، یا سولہ دن کریں یعنی روزانہ چار نقش لکھا کریں اور چار مختلف قبروں میں دفن کر دیا کریں اس مدت میں تباہ ہو جائے گا پہلے روز جن قبروں میں نقش دفن کئے ہیں روزانہ ان ہی قبروں میں دفن کریں لیکن جگہ تبدیل کر لیا کریں اس عمل کے لیے صرف قلم دوات اور سیاہی کی ضرورت ہے۔ زوال ماہ منگل یا ہفتہ میں کریں۔ (صرف اس جگہ جہاں شریعت نے اجازت دی ہو اور کسی عالم دین سے اس کی اجازت لیں)

*****

آپ کا دشمن بھی آپ پر مہربان ہو جائے۔۔۔!

(شوکت جتوئی، رحیم یار خان)

اگر کسی شخص کو اپنے اوپر مہربان و مائل کرنا ہو تو یہ عمل شب جمعہ کو نصف اخیر رات میں تیس (30) مرتبہ اس آیت کی تلاوت کرے۔ ''فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَ هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ '' اور ہر بار آخر میں یہ کلمات پڑھ لیا کرے ''اَللّٰهُمَّ یَارَبِّ اَنْتَ حَسْبِیْ عَلٰی فلاں ابن فلاں عَطِّفْ قَلْبَهٗ عَلَیَّ وَ ذَلِّلْهُ لِیْ''

جو شخص فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان یعنی فرض سے پہلے سورۃ الفیل اکتالیس (41) بار تلاوت کرے اس کے بعد (41) مرتبہ ان اسماء کا ذکر کرے ''اَللهُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْقَاهِرُ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ نَاصِرُ الْحَقِّ حَیْثُ کَانَ بِهِ الْحَوْلُ وَ الْقُوَّةُ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ'' چنانچہ جو کوئی اس عمل کو کرے تو وہ اپنے دشمن کی نسبت وہ بات مشاہدہ کرے گا جو اس شخص کو خوش کر دے گی فتح و نصرت و کامیابی اس کی ہوگی۔

سات دنوں میں ہر مشکل کا حل

ترکیب: یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اگر عدد کبیر ۲۱۲۲ مرتبہ سات روز تک برابر پڑھے اور ایک ہی نشست میں پڑھے اللہ کریم کے فضل و کرم سے تمام مہمات آسان ہو جائیں گی اس اسم کو پڑھ کر یہ دعا بھی ایک مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ یَامُحۡیِ اَحۡیِ قَلۡبِیۡ وَرِزۡقِیۡ وَدِیۡنِیۡ وَدُنۡیَایَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ یَاحَیُّ قَبۡلَ کُلِّ حَیٍّ یَاحَیُّ بَعۡدَ کُلِّ حَیٍّ مُحۡیِیۡ کُلِّ حَیٍّ یَاحَیُّ مُمِیۡتُ کُلِّ حَیٍّ یَاحَیُّ رَازِقُ کُلِّ حَیٍّ یَاحَیُّ لَا یَشۡبِھُهٗ حَیٌّ اَسۡئَلُكَ بِحَیٰوتِكَ قَبۡلَ کُلِّ حَیٍّ وَبِحَیَاتِكَ الَّتِیۡ تُحۡیِیۡ بِھَا کُلَّ حَیٍّ وَبِحَیَاتِكَ الَّتِیۡ تُمِیۡتُ بِھَا کُلَّ حَیٍّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ فَرِّجۡ کَرۡبِیۡ وَنَفِّسۡ ھَمِّیۡ وَغَمِّیۡ وَاَجۡلُ صَدَاءَ قَلۡبِیۡ وَاَغۡنِ فَاقَتِیۡ یَامَنۡ لَا یَخۡفَاهُ حَالِیۡ وَلَا تَعۡجِزُهٗ مَسۡئَالَتِیۡ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ عَجِّلۡ لِیۡ مَطَالِبِیۡ وَبُلُوۡغَ مَاٰرِبِیۡ فَقَدۡ دَعَوۡتُكَ بِاِسۡمِكَ الَّذِیۡ نَجَابِهٖ مَنۡ نَجَا وَھَلَكَ بِهٖ مَنۡ ھَلَكَ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ گیارہ مرتبہ فَاسۡتَجَبۡنَا لَهٗ وَنَجَّیۡنَاهُ مِنَ الۡغَمِّ وَکَذَالِكَ نُنۡجِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَصَلِّ بِجَلَالِكَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ وَسَلَّمۡ۔

دو رکعت پڑھ کر جو مانگو ملتا ہے!

دو رکعت نماز اس انداز سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ انا انزلنا اور سلام پھیرنے کے بعد قرآن شریف کو لے کر سر پر رکھے اور کہے ''اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مَنۡ اَرۡسَلۡتَهٗ اِلٰی خَلۡقِكَ وَبِحَقِّ کُلِّ اٰیَةٍ فِیۡهِ وَبِحَقِّ کُلِّ مَنۡ مَدَحۡتَهٗ فِیۡهِ عَلَیۡكَ وَبِحَقِّكَ عَلَیۡهِ وَلَا تَعۡرِفُ اَحَدًا۔ پھر کہے۔ اَعۡرِفُ بِحَقِّكَ مِنۡكَ۔

*****

سورۂ یٰسین کا ختم۔۔۔ اللہ کی توفیق سے ہر مشکل کا خاتمہ

(قاری مسعود، حیدرآباد)

یہ عمل بہت آزمودہ ہے بارہا کا آزمودہ ہے جس نے کیا آج تک دعائیں دیتا ہے میں 2022 کی جنتری کیلئے ہدیہ کررہا ہوں یقین اور اعتماد سے کریں، قدردان ہی پاتے ہیں۔ کوئی بھی سخت سے سخت مشکل ہو تو یہ اس عمل کی برکت سے مشکلیں ختم اور مصیبتیں ٹل جائیں گی۔ اس کے علاوہ آنے والے مسائل اور بلائیں ٹل جائیں گی زندگی میں خوشیاں نصیب ہوں گی۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ سورۂ یٰسین کو پڑھنے سے پہلے دعائے ذیل کو ایک دفعہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ جَعَلۡتَ فِیۡ سُوۡرَةِ یٰسٓ اَلۡفَ شِفَاءٍ وَاَلۡفَ دَوَاءٍ وَاَلۡفَ بَرۡکَةٍ وَسَمَّیۡتُھَا عَلٰی لِسَانِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ لِصَاحِبِھَا خَیۡرَ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ وَتَرۡفَعُ عَنَّا کُلَّ سُوۡءٍ وَبَلِیَّةٍ وَتَقۡضِیۡ لَنَا الۡحَاجَةَ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔ جب یہ دعا پڑھ چکے ہوں تو اس کے بعد سورۂ یٰسین کو ذیل میں دی گئی ترتیب کے ساتھ نہایت توجہ و دھیان اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں۔ سب سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم اور پھر اس کے بعد لفظ یٰسین کو ایک سانس میں یعنی سانس روک کر سات مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اس ترتیب کے ساتھ عمل کرنے کے نتائج کا مشاہدہ آپ خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

یٰسٓ (7 مرتبہ)

وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ (٢) اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (٣) عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (٤) تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ (٥) لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ (٦) لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (٧) اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ (٨) وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔ يَامَنْ نُوْرُهٗ فِيْ سَتْرِهٖ وَسَتْرُهٗ فِيْ نُوْرِهٖ وَنُوْرُهٗ فِيْ سَتْرِهٖ وَسَتْرُهٗ فِيْ نُوْرِهٖ اُسْتُرْنِيْ عَنْ عُيُوْنِ النَّاظِرِيْنَ وَالْحَاسِدِيْنَ وَالْبَاغِيْنَ۔ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (١٠) اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ (١١) اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ (١٢) وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ (١٣) اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ (١٤) قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ (١٥) قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ (١٦) وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (١٧) قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ (١٨) قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ۚ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ (١٩) وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ (٢٠) اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ (٢١) وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (٢٢) ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ (٢٣) اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (٢٤) اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ (٢٥) قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۖ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ (٢٦) بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ (٢٧) يَارَبِّ اَكْرِمْنِيْ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ (دل میں) يَارَبِّ اَكْرِمْنِيْ بِقَضَاءِ حَاجَتِيْ۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ (٢٨) اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ (٢٩) يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (٣٠) اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (٣١) وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (٣٢) وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ (٣٣) وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ (٣٤) لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۚ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (٣٥) سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ (٣٦) وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ (٣٧) وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ (٣٨) اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ الْوَاسِعِ النَّافِعِ اَغْنِنِيْ عَنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ۔

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ (٣٩) لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَاۤ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (٤٠) وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ (٤١) وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ (٤٢) وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ (٤٣) اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ (٤٤) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (٤٥) وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ (٤٦) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (٤٧) وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (٤٨) مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ (٤٩) فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَاۤ اِلٰۤى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ (٥٠) وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ (٥١) قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ٚ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ (٥٢) اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ (٥٣) فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (٥٤) اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ (٥٥) هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ (٥٦) لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ (٥٧) سَلٰمٌ ۟ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (٥٨) يَارَحِيْمُ يَارَحِيْمُ يَارَحِيْمُ اورجگہ پراپنا مطلب کوظاہر کرے اور پھر سات مرتبہ پڑھے اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنِيْ مِنْ اٰفَاتِ الدُّنْيَا وَقْعِيْ حَاجَتِيْ۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ (٥٩) اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (٦٠) وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (٦١) وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ (٦٢) هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ (٦٣) اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ (٦٤) اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَاۤ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (٦٥) وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰۤى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ (٦٦) وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ (٦٧) وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ (٦٨) وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ (٦٩) لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (٧٠) اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَاۤ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ (٧١) وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ (٧٢) وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ (٧٣) وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ (٧٤) لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ (٧٥) فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ (٧٦) اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ (٧٧) وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ (٧٨) قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْۤ اَنْشَاَهَاۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ (٧٩) الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ

مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ (۸۰) اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ - سر کو سجدے میں رکھ دے اور چند بار یہ کہے "بَلٰى قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ تَقْضِيَ حَاجَاتِيْ" اور جب یٰسین کو مکمل پڑھ چکے تو ایک دفعہ دعاء ذیل پڑھے اور طلب حاجت کرے۔ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ (۸۱) اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (۸۲) فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (۸۳)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْمُتَمَسُّ عَنْ كُلِّ مَكْرُوْبٍ، سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْنٍ، سُبْحَانَ الْمُخَلِّصِ عَنْ كُلِّ مَسْجُوْنٍ، سُبْحَانَ الْعَالِمِ بِكُلِّ مَكْنُوْنٍ، سُبْحَانَ الَّذِيْ يَجْرِيْ الْمَآءَ فِي الْبِحَارِ وَالْعُيُوْنِ، سُبْحَانَ مَنْ جَعَلَ خَزَائِنَ عِلْمِهٖ وَرَحْمَتِهٖ بَيْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ، سُبْحَانَ مَنْ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَيَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنَ، سُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْئٍ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ يَارَءُوْفُ۔

حضور ﷺ پر درود بھیجیں اور رحمت میں نہا جائیں!

اگر اللہ کریم توفیق دیں تو روضہ اقدس ﷺ پر حاضر ہو کر عشق اور محبت میں مست ہو کر یہ صلوٰۃ وسلام پڑھیں وگرنہ اپنے مقام پر رہتے ہوئے اس تصور کے ساتھ پڑھیں کہ یہ بذریعہ ملائکہ آپ ﷺ تک پہنچایا جا رہا ہے جتنی زیادہ عقیدت اور احترام ہوگا اسی کے بقدر فیض اور برکات ملیں گی اس دوران اپنی مشکلات پریشانیوں اور مسائل کا تصور کر لیں ساری امت کا تصور کریں کہ اللہ کریم انشاء اللہ ہم سب کی جھولیاں بھر دیں گے۔ بفضل تعالیٰ مایوسی نہ ہوگی دل کو راحت سکون نصیب اور مسائل حل ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَانَبِيَّ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاحَبِيْبَ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَلِيْلَ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَفِيَّ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَيْرَ خَلْقِ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامَكِّيَّ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاقُرَيْشِيَّ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامَدَنِيَّ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامَنِ اخْتَارَهُ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامَنْ عَظَّمَهُ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَلِيْفَةُ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاحَضْرَةَ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَفْوَةُ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاحُجَّةَ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَحْمَةَ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَانُوْرَ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَاحِبِ الْحَوْضِ الْكَوْثَرِ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَاحِبُ الشَّفَاعَةِ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاصَاحِبُ النِّعْمَةِ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَاتَمَ نَّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْمَدَنِيُّ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْحَرَمِيُّ۔

ا اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْعَرَبِيُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْحِجَازِيُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ التِّهَامِيُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْهَاشِمِيُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الزَّكِيُّ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ۔

*****

تسخیر کا بے مثال تحفہ عبقری جنتری 2022 کیلئے

(فصیح الدین قادری، لاہور)

ایک مرتبہ عمل پڑھیں اور کمال اپنی آنکھوں سے دیکھیں !

بعد نماز عشاء صرف ایک بار اس وظیفہ کو پڑھنے والا پر دلعزیز بن جاتا ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے مخلوق مسخر ہو جاتی ہے بار ہا کا تجربہ شدہ ہے۔ اس عمل کو خلاف شرع مقصد کے لیے نہ پڑھا جائے ورنہ نقصان کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے۔ جائز محبت کیلئے ضرور پڑھیں جیسے میاں بیوی، والدین و اولاد وغیرہ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ فِی السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَ الۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَ الۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ وَ اللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ(۱۳۴) وَ الَّذِیۡنَ اِذَا فَعَلُوۡا فَاحِشَۃً اَوۡ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسۡتَغۡفَرُوۡا لِذُنُوۡبِہِمۡ۔ وَ مَنۡ یَّغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اللّٰہُ وَ لَمۡ یُصِرُّوۡا عَلٰی مَا فَعَلُوۡا وَ ہُمۡ یَعۡلَمُوۡنَ(۱۳۵) اُولٰٓئِکَ جَزَآؤُہُمۡ مَّغۡفِرَۃٌ مِّنۡ رَّبِّہِمۡ وَ جَنّٰتٌ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡہَا وَ نِعۡمَ اَجۡرُ الۡعٰمِلِیۡنَ(۱۳۶)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سَخِّرْلِیْ قَلْبِ فلاں بن فلاں ------ بِمِھْرُوْ دُوْسَتِیْ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْہُ لِیْ وَ ذَاللّٰہُ لِیْ وَجَعَلَہٗ عَلٰی رَؤُفَ الرَّحِیْمًا بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اَللّٰھُمَّ سَھِّلْ بِفَضْلِکَ یَاوَھَّابُ یَاتَوَّابُ یَارَبُّ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا رَبَاہُ یَاغَلْبَۃِ یَارَغْبَتَاہُ۔ اَسْئَلُکَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ وَ تُنَوِّرُ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ وَاَنْ تُعْطِیَنِیْ خَیْرَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَتُعَزِّزْنِیْ فِیْ قُلُوْبِ الْعٰلَمِیْنَ وَالْاَکَابِرْ یَاعَزِیْزُ تُعَزَّزْتُ بِالْعِزَّتِ وَالْعِزَّۃُ فِیْ عِزَّتِ عِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ اِسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِحَقِّ عِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ۔ تُعَزَّزْتُ بِالْعِزَّۃِ وَالْعِزَّۃُ فِیْ عِزَّۃِ عِزَّتِکَ یَاعَزِیْزُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ گِرِفْتَمْ سَرِ فلاں ابن فلاں رَایَا رَبْ بَہْ سُوْدَائِے مَنْ بِمِھْرُوْ دُوْسَتِیْ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ۔ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ وَ اللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔

اگر کسی شخص کے حالات انتہائی تنگ ہو گئے ہوں' مشکل کے وقت میں سب لوگ رشتہ دار' دوست اس کا ساتھ چھوڑ گئے ہوں تو ایسے حالات میں مایوس مت ہوں بلکہ قرآن پاک کی اس آیت کا بکثرت ورد کیجئے' جہاں اس آیت کے پڑھنے سے اور بہت سے مسئلے حل ہوتے ہیں وہاں اس آیت کا ورد نا موافق حالات کو موافق بنا دیتا ہے۔ سارا دن کثرت کے ساتھ اس آیت کا ورد کیجئے۔ رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ

دانتوں کے لئے زبردست منجن

دانتوں کا پیلا پن' کیڑا لگ جانا' خون بہنا اس کے علاوہ دانتوں کے جملہ امراض کے لئے بہترین دیسی منجن خود تیار کیجئے جس سے ان تمام مسائل حل ہوں گے۔ چکنی سپاری دو تولہ، ماز و پھل ایک تولہ، پھٹکڑی پھلا ایک تولہ، نیلہ تھوتھا بریاں ایک تولہ، بہیڑہ ایک تولہ، بنسلوچن چھ ماشہ، پھول کتھ تین ماشہ، کافور دو ماشہ کو باریک پاؤڈر کر کے دن میں تین بار دانتوں پر ملیں۔ دانت چمکدار' مضبوط خوبصورت ہو جائے گے۔ اس کے علاوہ انہی مسائل کے لئے عشاء کے وتروں میں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد اذا جاء نصر اللہ دوسری میں سورۃ لہب اور تیسری میں سورۃ اخلاص کو پڑھنا معمول بنالیں' جہاں اس عمل کے اور بہت سے فوائد ہیں وہاں یہ بھی ہے کے دانت عمر بھر خراب نہ ہوں گے۔

کمزور بینائی کے لیے

نظر کی کمزوری دور کرنے کے لئے فرض نماز کے بعد سات دفعہ پڑھ کر پپوٹوں کو آنکھوں پر لگائیں' کچھ دن یہ عمل کرنے سے ان شاء اللہ نظر کی کمزوری دور ہو جائے گی۔

"لَقَدۡ کُنۡتَ فِیۡ غَفۡلَۃٍ مِّنۡ ھٰذَا فَکَشَفۡنَا عَنۡکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الۡیَوۡمَ حَدِیۡدٌ" (سورہ ق، آیت ۲۲)

بے اولادی کے مرض سے نجات پائیں

اولاد نرینہ کے لئے پانچ تعویذ لکھیں ایک گلے میں ڈالیں' چار کو کوزے میں بند کر کے گھر کے چاروں کونوں میں دبا دیں۔ ان شاء اللہ اولاد نرینہ کی نعمت سے فیض یاب ہوں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم حسبی اللہ و کفی باللہ ایاک نعبد وایاک نستعین. لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم الا تعلو علی واتونی مسلمین قال عفریت من الجن آنا اتیک بہ قبل ان تقوم من مقامک وانی علیہ لقوی امین. فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرحمین. یاشافی یاشافی یاشافی۔

اولادنرینہ کے لیے

جو جوڑا اولادنرینہ کا خواہشمند ہو وہ یہ نقش تین بار کاغذ پر لکھ کر ہر ایک کاغذ کو لا کھی گائے کے دودھ میں ملا کر میاں بیوی دونوں پئیں ان شاء اللہ اولادنرینہ ہوگی۔

خ	ل	ا	ق
فرزندنرینہ	۱۰۱	۹۹ع	۳۱
۱۰۲	۳	۲۸	۹۸ع
۲۹	۹۷ع	۱۰۳	۲

******

جنات! قرآن وسنت کی روشنی میں۔۔۔اوران سے نجات کا خاص تعویذ

(عامل مولانا محمد نواز صاحب، پشاور)

بہت سے لوگ بلاوجہ جنات کا انکار کرتے ہیں کہ لوگوں پر ان کے اثرات نہیں ہوتے تو ایسے لوگوں کیلئے میں ایک دارالافتاء کا فتوی پیش کرتا ہوں اور اپنا ایک خاص آیۃ الکرسی کا تعویذ بھی پیش کرتا ہوں اس سے جنات سے بہت آسانی کے ساتھ نجات مل جاتی ہے۔

جنات ایک نظر نہ آنے والی مخلوق

قرآن وحدیث کی روشنی میں جنات کی تعریف کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک ناری مخلوق جو مختلف شکلیں اختیار کرتی ہیں، جنات کی کوئی ایک شکل مخصوص ومتعین نہیں ہے، انسانوں کی طرح جنات بھی اَحکام کے مکلف ہیں، بعض مؤمن اور نیک ہیں، بعض کافر اور نافرمان ہیں۔ان میں جو سرکش ہیں وہ شیطان کے معاون ومددگار ہیں، انسانوں کو گمراہ کرنے میں ابلیس کا ساتھ دیتے ہیں۔

ہمارے لیے اتنا ہی ضروری ہے کہ ان کے وجود کا اعتقاد رکھیں، اس سے زیادہ تفصیلات اور گہرائی میں جانے کی نہ ہمیں ضرورت ہے اور نہ ہی ہم اس کے مکلف ہیں، یہ کوئی ایمانیات کا مسئلہ نہیں جس پر ایمان رکھنا ضروری ہے، باقی جنات کا انسانوں کے پاس آنا کئی نصوص (آیات و احادیث) سے ثابت ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ہر زمانے میں جنات کے انسانوں کو پریشان کرنے کے واقعات اتنی کثرت سے ہوتے ہیں کہ ان کا انکار مشکل ہے۔

جنات انسان کی آزمائش کا ذریعہ

جنات کو اللہ رب العزت نے انسانی آزمائش کے لیے یہ قدرت دے رکھی ہے کہ وہ مختلف تصرف کر کے انسانی زندگی پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، جس کا قرآن وحدیث سے واضح ثبوت بھی ملتا ہے، لہٰذا کسی کے جسم پر جن کا تسلط اور اس کے اثر سے مغلوب ہو جانا کوئی بعید نہیں ہے، نیز جنات کی تسخیر ممکن ہے اور ان سے بچاؤ کے لیے شرعاً اس کی گنجائش بھی ہے اور جنات کا انسان کے پاس آنا ممکن اور ثابت ہے۔

ایک واقعہ تو خود آنحضرت ﷺ نے سنایا ہے کہ "بنو عذرہ" قبیلے کا ایک شخص جس کا نام" خرافہ" تھا اسے جنات پکڑ کر لے گئے تھے، وہ ایک عرصے تک جنات کے درمیان مقیم رہا پھر وہی اسے انسانوں کے پاس چھوڑ گئے۔ اب وہ واپس آنے کے بعد عجیب عجیب قصے سنایا کرتا تھا، اس لئے لوگ (ہر عجیب بات کو) خرافہ کا قصہ کہنے لگے۔ مسند احمد مخرجا (42/141):

آنحضرت ﷺ سے جن اتارنے کا واقعہ

آنحضرت ﷺ سے جن اتارنے کے واقعات بھی بعض روایات میں موجود ہیں، چنانچہ روایت میں ہے:

ام ابانؓ اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ ان کے دادا آنحضرت ﷺ کے پاس اپنے ایک مجنون (اس کے معنی پاگل بھی ہو سکتے ہیں اور جن زدہ بھی) بیٹے یا بھتیجے کو لے گئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ میں اپنے اس بیٹے یا بھتیجے کو جو مجنون ہے دعا کے لیے لایا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے میرے پاس لے آؤ، میں آپ کے پاس لے گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے مجھ سے قریب کر دو اور اس کی پشت میری طرف کر دو، چنانچہ آپ ﷺ نے اس کے کپڑے پکڑ کر اس کی پشت پر مارنا شروع کیا یہاں تک کہ مجھے آپ ﷺ کی بغلوں کی سفیدی دکھائی دینے لگی۔ آپ ﷺ مارتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ" اے دشمن خدا نکل"، چنانچہ وہ تھوڑی دیر میں تندرستوں کی طرح دیکھنے لگا۔ (یعنی وہ بالکل ٹھیک ہو گیا)۔ المعجم الکبیر للطبرانی (5/275)

جنات آسمانوں تک پہنچ جاتے ہیں

اسی طرح حدیث مبارک میں ہے: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب اللہ آسمان میں اپنا کوئی حکم بھیجتا ہے تو فرشتے عاجزی سے اپنے پروں کو پھڑ پھڑانے لگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد اس طرح ہوتا ہے کہ جیسے صاف پتھر پر زنجیر ماری جاتی ہے جب فرشتوں کی گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے سے دریافت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کیا ارشاد فرمایا؟ تو دوسرا عرض کرتا ہے کہ جو کچھ فرمایا حق فرمایا، اس وقت شیاطین بھی زمین سے اوپر تلے آسمان کی طرف جاتے ہیں اور اس حکم الٰہی کو سن کر اوپر والا نیچے والے کو بتاتا ہے اور اس طرح یہ ایک دوسرے سے باتیں اڑا لیتے ہیں، سفیان نے اس موقعہ پر اپنی ہتھیلی کو موڑ کر اور پھر انگلیوں کو ملا کر بتایا کہ شیاطین اس طرح ایک پر ایک ملے ہوئے ہوتے ہیں اور اوپر والا نیچے کو اور وہ اپنے نیچے والے کو اور پھر اسی طرح یہ اطلاع زمین پر ساحروں اور کاہنوں تک پہنچائی جاتی ہے، بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ فرشتے شیاطین کو آگ کا کوڑا مارتے ہیں بات پہنچانے سے قبل اور ان کے بات

پہنچانے کے بعد انہیں لگ جاتی ہے اور وہ اپنے نیچے والے کو خبر کر دیتا ہے، پھر یہ کاہن ایک بات میں سو باتیں جھوٹ ملا کر لوگوں سے بیان کرتے ہیں اور ایک سچی بات کی بدولت سب باتوں میں ان کی تصدیق کی جاتی ہے۔ (صحیح البخاری (6/122))

جنات انسانوں کو گمراہ کرتے ہیں

اسی طرح جنات کا انسانوں کو گمراہ کرنا بھی ثابت ہے اور اس کے وسوسہ سے پناہ مانگنے کی تلقین وارد ہے، قرآن مجید میں ہے:

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِنَ الْإِنْسِ وَقَالَ أَوْلِيَاؤُهُمْ مِنَ الْإِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِي أَجَّلْتَ لَنَا قَالَ النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِينَ فِيهَا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (128/6)

اس آیت کی تفسیر میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب تحریر فرماتے ہیں:

میدان حشر کے اندر تمام جنات اور انسانوں کو جمع کرنے کے بعد دونوں گروہوں سے ایک سوال و جواب کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ شیاطین الجن کو خطاب کر کے ان کے جرم کا اظہار اس طرح فرمائیں گے کہ تم نے انسانوں کی گمراہی میں بڑا حصہ لیا ہے، اس کے جواب میں جنات کیا کہیں گے، قرآن نے اس کا ذکر نہیں کیا، ظاہر یہی ہے کہ علیم و خبیر کے سامنے اقرار کرنے کے سوا چارہ کیا ہے، مگر ان کا اقرار ذکر نہ کرنے میں یہ اشارہ ہے کہ اس سوال پر وہ ایسے مبہوت ہو جائیں گے کہ جواب کے لیے زبان نہ اٹھ سکے گی (روح المعانی)۔

اس کے بعد شیاطین الانس یعنی وہ لوگ جو دنیا میں شیطانوں کے تابع رہے خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کی گمراہی کا سبب بنتے رہے ان لوگوں کی طرف سے بارگاہ احکم الحاکمین میں ایک جواب ذکر کیا گیا ہے، اگرچہ سوال شیاطین الانس سے نہیں کیا گیا، مگر ضمنی طور پر گویا وہ بھی مخاطب تھے، کیوں کہ انہوں نے بھی گمراہی پھیلانے کا وہی کام کیا تھا، جو شیاطین الجن کا کام تھا، اس ضمنی خطاب کی وجہ سے ان لوگوں نے جواب دیا، مگر ظاہر یہ ہے کہ خود انسان نما شیطانوں سے بھی سوال ہوگا، جس کا ذکر صراحتاً اگرچہ یہاں نہیں ہے، مگر سورۃ یٰسین کی اس آیت میں مذکور ہے: الم اعهد اليكم يٰبني ادم ان لا تعبدوا الشيطٰن، "یعنی اے بنی آدم کیا ہم نے تم سے رسولوں کے واسطے سے یہ نہ کہا تھا کہ شیطان کی پیروی نہ کرنا"۔

اس سے معلوم ہوا کہ انسانی شیطانوں سے بھی اس موقع پر سوال ہوگا اور وہ جواب میں اقرار کریں گے کہ بیشک ہم سے یہ جرم سرزد ہوا کہ ہم نے شیطانوں کی بات مانی اور یہ کہیں گے کہ بیشک جنی شیاطین نے ہم سے اور ہم نے ان سے دوستانہ تعلقات رکھ کر ایک دوسرے سے ناجائز نفع حاصل کیا، انسانی شیطانوں نے تو ان سے یہ فائدہ حاصل کیا کہ دنیا کی لذتیں حاصل کرنے کی راہیں سیکھیں اور کہیں کہیں جنات شیاطین کی دہائی دے کر یا کسی دوسرے طریق سے ان سے امداد بھی حاصل کی، جیسے بت پرست ہندوؤں میں بلکہ بہت سے جاہل مسلمانوں میں بھی ایسے طریقے معروف ہیں جن کے ذریعہ سے شیاطین اور جنات سے بعض کاموں میں امداد لے سکتے ہیں اور جن شیطانوں نے انسانوں سے یہ

فائدہ حاصل کیا کہ ان کی بات مانی گئی اور یہ انسان کو اپنے تابع بنانے میں کامیاب ہو گئے، یہاں تک کہ وہ موت اور آخرت کو بھول بیٹھے اور اس وقت ان لوگوں نے اقرار کیا کہ جس موت اور آخرت کو ہم شیطان کے بہکانے سے بھول بیٹھے تھے اب وہ سامنے آ گئی، اس پر حق تعالیٰ کا ارشاد ہوگا: (آیت) النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ

یعنی تم دونوں گروہوں کے جرم کی سزا اب یہ ہے کہ تمہارا ٹھکانا آگ ہے، جس میں ہمیشہ رہو گے، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ ہی اس سے کسی کو نکالنا چاہے" (معارف القرآن) لہٰذا جنات کا انسانوں کے پاس آنا، ان پر غالب ہونا، ان کو گمراہ کرنا ثابت ہے، اور جنات کی تسخیر بھی ممکن ہے۔

قرآن مجید میں ہر طرح کے سحر، شیاطین و جنات وغیرہ کے شرور سے حفاظت کا نسخہ معوذتین (سورۃ الفلق وسورۃ الناس) کی صورت میں موجود ہے، صبح وشام آیۃ الکرسی اور آخری تین قل تین تین مرتبہ پڑھ لیں، نیز دیگر مسنون اوراد واذکار کے اہتمام سے ان سے حفاظت ہو جاتی ہے۔ فقط واللہ اعلم (فتوی نمبر:144107200225 دار الافتاء: جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی)

ان قرآنی اور احادیث مبارکہ کے واقعات ذکر کرنے کے بعد اب تو ان جنات کی شرارت کا آپ کو یقین آ گیا ہوگا اب میں اس آیۃ الکرسی کے تعویذ کا ذکر کرتا ہوں جو کہ میرا آزمودہ ہے اور جنات سے خلاصی کیلئے نہایت مجرب ہے۔

آیت الکرسی اور آیت کریمہ کا عددی نقش

۷۸٦

۵۵۸۸	۵۵۸۱	۵۵۸٦
۵۵۸۳	۵۵۸۵	۵۵۸۷
۵۵۸۴	۵۵۸۹	۵۵۸۲

یہ تعویذ جن بھوت پریت بدروح چڑیل مسان جادو، ٹونہ خبیث کے دفعیہ کے لیے کارآمد ہے۔ مریض کے حالات کو دیکھ کر استعمال کریں ایک دن میں یا دو دن میں یا تین دن میں ایک استعمال کروائیں۔ صبح، دوپہر، شام۔ اس نقش کو پانی میں ڈال کر متاثرہ شخص کو پینے کے لئے دیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

دفع جنون آسیب بلا وغیرہ

اگر کوئی شخص کسی آسیب، جادو بلا وغیرہ کا شکار ہو یا پھر جنون پاگل والی کیفیت طاری ہو جاتی ہو اس کے لئے یہ نقش بہت مؤثر ہے۔ اس نقش کو لکھ کر کمرے میں اپنے سامنے والی کسی ایسی دیوار پر لگا دیں جہاں عام طور پر نظر زیادہ پڑتی ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم علیقاً ملیقاً خالقً مخلقاً مخلوق وانت تعلم ما فی قلوبھم مالیقاً ھاتوق مالوق زاقوق فرعون نمرود شدا عاد ولقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیہ جسداً ثم اناب

۷۸٦

الله	الله	الله
الله	یاحافظ	الله
الله	الله	الله

الهی بحرمة سیدنا محمد واله بحرمة یملیخا، مکسلینا، کشفوطط، تبیونس، اذرافطیونس، کشافطیونس، یوانسبوس واسم کلهم قطمیر احفظ واشف

☆ ااا ھے # ااااوھے

اس تعویذ کے ساتھ قلنا ینار کونی نقش ہے عزیمت لکھ کر دیں کہ پانی میں گھول کر بھیڑوں کے باڑے میں چھڑکیں اور اوپر والا نقش کسی اونچی جگہ پر باندھ دے وبا نہ رہے گی۔

بردًا	کونی	ینار	قلنا
وسلمًا	بردًا	کونی	قلنا
علےٰ	وسلمًا	بردًا	کونی
ابراھیم	علےٰ	وسلمًا	بردًا

کرکرونی بدبرونی اے دنبل خشک شو

خدائے مابزرگ است تو بزرگ عشو پیغمبر مارفتہ است تو نیز برد برد برد

احد احد احد بحق اَمْ اَبْرَمُوْا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُون

درد شقیقہ کے لئے (آدھے سر کا درد)

درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) آج کل بہت سے لوگ اس مرض کا عام شکار ہو رہے ہیں اور پھر اس کے لئے مختلف ادویات کا باقاعدگی سے استعمال کر کے ان ادویات کا عادی ہو جاتے ہیں اور ان ادویات کے مضر اثرات کی وجہ سے مزید مختلف امراض بھی شکار ہو جاتے ہیں۔ درد شقیقہ کی صورت میں اس نقش کو طلوع اور غروب کے وقت لکھ کر بند کر کے اپنی ٹوپی میں یا بازو پر باندھ لیں۔ ان شاء اللہ درد شقیقہ سے نجات مل جائے گی۔

۷۸۶

یا احمدؐ	یا مصطفیٰ ؐ ۵ ۷	یا محمدؐ

☆ ااا ھے # ااا وھے

اس کے علاوہ درج ذیل نقش بھی درد شقیقہ یعنی آدھے سر درد کے لئے جسے کسی بھی وقت لکھ سکتے ہیں۔

۷۸۶

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

☆ ااا وھے # ااا وھے

مکمل سر درد سے نجات کے لئے

پورے سر درد سے نجات کے لئے درج ذیل نقش کو ہر وقت لکھا جاسکتا ہے۔ اس نقش کو پہن لیں یا پانی میں ڈال کر سارا دن پانی پینے کے لئے استعمال کریں' چند دن' چند ہفتے اس نقش کو استعمال کیجئے' ان شاء شفاء ملے گی۔

۷۸۶

یَارَحْمٰنُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحْمٰنُ
[illegible]	[illegible]	[illegible]
یَارَحْمٰنُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحْمٰنُ

☆ ااا وھے # ااا وھے

یہ عمل کیجئے بواسیر سے نجات پائیں

ہر نو چندی اتوار کو ایک مٹھی میں کوئی بھی دال لیں اور اس کے ہر دانے پر سات بار درج ذیل الفاظ پڑھے' یہ دال بواسیر کے مریض کو کھانے کے لئے دے دیں' تین نو چندی اتوار کو یہ عمل کر لیں' ان شاء اللہ بواسیر کے مرض سے نجات ملے گی۔ اس دوران تلے ہوئے اور مصالحہ دار کھانوں سے بھی مکمل پرہیز کیجئے۔

کا کن کون پکون تکونا ارنج مرنج برنج ثریا

ایہہ اٹھے اکھر جانے کو بواسیر نہ ہو

گردے کی تکلیف سے نجات پائیں

گردے کے مرض سے نجات کے لئے بہترین ٹوٹکہ عرض کر رہا ہوں اسے ضرور آزمائیں۔ دیسی اجوائن ایک چھٹانک، دیسی کرفس ایک چھٹانک، کوزہ مصری ایک چھٹانک۔ پیس لیں۔ خوراک ایک چمچ ہمراہ چائے۔ درد کے وقت گھنٹے گھنٹے بعد دیں' ان شاء اللہ کچھ عرصہ کے مستقل استعمال سے شفاء ہوگی۔

خواتین کے پیچیدہ مسئلے کا حل

اگر دودھ میں کمی واقع ہو جائے یا نہ آئے تو ذیل میں دیئے گئے الفاظ کو دو کچے یعنی ہرے سیبوں پر (پاکستان میں عام طور پر اسے سفید سیب کہا جاتا ہے) 21 بار یہ الفاظ پڑھ کے دم کر کے بچے کی ماں کو ناشتہ کے طور پر کھلائے جائے اور اس کے بعد دودھ کا گلاس پی لیں' اس کے بعد ناشتہ میں اور کچھ نہ کھائے' چند دن' چند ہفتے مستقل یہ عمل کر لیں' ان شاء اللہ بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

کیلی مینہ کیلا کتا کیلے کموں کھاوے

ببا ملیئے آپدا اپیڑ پرائی جاوے

مقررہ وقت پر بیداری کے لئے روحانی الارم

اکثر لوگوں کو یہ مسئلہ رہتا ہے کہ صبح کے وقت وہ نیند سے بیدار نہیں ہوتے جس وجہ ان کی نماز بھی قضاء ہو جاتی ہے اس کے علاوہ اور بہت روزمرہ دنیاوی کاموں کی ترتیب بھی خراب ہو جاتی ہے اور ان کو اس حوالے سے بہت سی مشکلات رہتی ہیں اور کچھ لوگ اسی مسئلہ کی وجہ اپنی نیند بھی مکمل نہیں کر پاتے ہیں۔ اس مسئلہ کے لئے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ رات کو عشاء کی نماز کی بعد ایک تسبیح اَلْبَاعِثُ کی پڑھ کر دل پر اور آنکھوں پر دم کر لیں' اس کے بعد ۲۱ بار یہ کھیعص، حمعسق دو مبارک الفاظ پڑھ کر سو جائے' ان شاء اللہ اس نورانی عمل کی برکت سے جس وقت آپ نیند سے بیدار ہونا چاہتے ہوں گے' آپ کی آنکھ کھل جائے گی۔

کرونااور ہر قسم کے وبائی امراض سے حفاظت کا نقش

کرونا' ڈینگی' ملیریا اور ایسے تمام وبائی امراض سے جن سے بہت زیادہ لوگ آج کے دور میں متاثر ہو رہے ہیں۔اس مرض سے حفاظت کے لئے درج ذیل نقش کو لکھ کر کسی بوتل میں پانی ڈال کر رکھ دیں اور سب گھر والے اس پانی کو استعمال کریں۔ان شاءاللہ اس نقش اور اس کے نیچے دیئے گئے پرنور الفاظ کی برکت سے تمام وبائی امراض سے حفاظت رہے گی۔

۷۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

الم الم المص الر الر الر
کھیعص طسم الم الم الم ص حم حم حم
مثل الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ
کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل
سنبلۃ مائتہ حبہ واللہ یضعف لمن یشاء واللہ واسع علیم

گردش ایام سے نجات حاصل کیجئے

ایسا شخص جو حالات اور آزمائشوں میں پس رہا ہو' ہر طرف سے پریشانیاں اور غم اس کو گھیرے ہوئے ہوں۔اس کے علاوہ جو کسی قسم کی تکلیف یا بیماری کا شکار ہوں' اس بات کا خوف ہو کہ اس کی زندگی کا سرمایہ کہیں پل میں لٹ نہ جائے اور ہر قسم کی انسانی اور شیطانی چوریوں سے بچنا چاہتے ہوں تو درج ذیل نقش کو کسی زردہ رنگ سے صاف کاغذ پر لکھ کے اپنے گھر میں ایسی جگہ لٹکائے جہاں آتے جاتے نظر پڑے' ان شاءاللہ ناکامیاں ختم' دشمن پر غلبہ و فتح اور تمام بیماریوں سے شفاء نصیب ہوگی' تمام مسائل حل ہوں گے۔

ب	س	م	ال
ل	ہ	ال	ر
ح	م	ن	ال
ر	ح	ی	م

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ الھی بحرمۃ محمد والہ ویملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس افرافطیونس کشفافطیونس یوانسبوس اسم کلبھم قطمیر ۔

پھوڑے پھنسیوں کا شافی علاج

جسم میں اگر پھوڑے پھنسیاں وغیرہ نکل آئے اور کسی بھی طریقے سے نہ جاتے ہوں تو ان کے علاج کے لئے ذیل میں دیئے گئے نقش کو زعفران کے ساتھ لکھ کر چمڑے میں بنوا کر بازو یا گلے میں پہن لیں‘ ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

ومارمیت	اذرمیت
ولکن اللہ	رمیٰ

فتح وکامیابی کے لئے خاص نقش

زندگی کے کسی میدان میں کامیابی چاہتے ہیں چاہے وہ امتحانات ہیں‘ کوئی کاروبار‘ نوکری یا پھر کوئی ایسا ظالم شخص آپ پر مسلط ہو جس کے ہر قسم کے شر سے آپ محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو اس نقش کو کالی سیاہی سے کسی سفید کاغذ پر اپنے مسئلے کا تصور کرتے ہوئے لکھیں‘ عطر لگائے اور لمینیشن کروا کر اپنے پرس میں رکھ سکتے ہیں‘ اس کے علاوہ تعویز بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ اگر پرس میں رکھنا مقصود ہو تو اس بات کا خیال رکھیں کہ پرس کسی صورت بھی پینٹ کی پچھلی جیب میں مت ڈالیں‘ بے ادبی کی وجہ سے سخت نقصان کا خطرہ ہوسکتا ہے۔

۷۸۶

نصر	من اللہ	وفتح	قریب	وبشیر	المومنین
من اللہ	وفتح	قریب	وبشرٌ	المومنین	فاللہ
وفتح	قریب	وبشیر	المومنین	فاللہ	خیر
قریب	وبشر	المومنین	فاللہ	خیر	حافظا
وبشر	المومنین	فاللہ	خیر	حافظا	وھورحیم
المومنین	فاللہ	خیر	حافظاً	وھوارحم	الرحمین

نظر بد کا علاج اور رزق میں بے بہا برکت

اگر کوئی سخت نظر بد کا شکار ہے اور اس وجہ سے کسی بیماری' ناکامی یا پھر کسی علت کا شکار ہو چکا ہے' روحانی علاج اور تمام حیلے حربے آزما چکا ہے یا پھر رزق میں تنگی کا شکوہ ہے اور تمام وسائل بروئے کار لانے کے باوجود بھی رزق میں فراوانی نہیں ہو رہی تو نیچے دیئے گئے نقش کو چال کے ساتھ مشتری کی ساعت میں لکھ کر اپنے مکان یا دوکان کی دیوار پر اس نقش کو لیمینیشن کر کے لٹکا دیں۔ اس کے علاوہ روزانہ ایک تسبیح صبح و شام بِسْمِ اللهِ مَاشَاءَاللهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ کی پڑھ کر دم کریں' ان شاء اللہ نظر بد ختم ہو گی اور رزق میں بھی بے بہا برکت اور اضافہ ہو گا۔ نوٹ: نظر بد کی صورت میں صرف بسم اللہ والا نقش دیں اور رزق میں برکت کے لئے مکمل نقش لکھیں۔

۷۸۶

ان اللہ علی کل شیی قدیر

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	الله	بسم
الرحیم	الله	بسم	الرحمن
الرحمن	بسم	الله	الرحیم

(دائیں اور بائیں جانب: ان اللہ علی کل شیی قدیر)

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ۔

یہ نقش نہیں اوپر والے نقش کی چال ہے:۔

چال

۱	۶	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۵
۱۶	۱۴	۹	۳
۱۵	۱۳	۱۰	۴

ڈاڑھ درد کا شافی علاج

ڈاڑھ درد کی صورت میں سورۃ اعراف کی آیت کے یہ الفاظ اوّل آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ سات دفعہ پڑھ کر پھونک مار کر ایک کیل کسی درخت' کیاری یا گملے میں ٹھونک دیں اسی طرح تین بار یہ عمل کر کے تین کیل ٹھونک دیں' ان شاءاللہ ڈاڑھ درد سے نجات مل جائے گی۔

اٹھرا کے مرض کا قرآنی علاج

اٹھرا ایسا مرض ہے جو آج کے جدید دور میں بھی اکثر لوگ اسی مرض کی وجہ سے بے اولاد رہتے ہیں۔اس مرض کا روحانی علاج پیش خدمت ہے جس کی برکت سے ان شاءاللہ اٹھرا کے مرض سے نجات ملے گی اور اولاد جیسی نعمت سے فیض یاب ہوں گے۔اجوائن اور کالی مرچیں حسب ضرورت کچھ مقدار میں اپنے پاس رکھ لیں' باوضو ہو کر اوّل آخر گیارہ مرتبہ درود پاک' سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں' سورۃ یٰسین میں سات بار لفظ مبین آیا ہے جب بھی لفظ مبین پر پہنچے یہی عمل کریں کہ سورۂ مزمل گیارہ بار' سورۂ شمس گیارہ بار' سورۂ والیل گیارہ بار' سورۂ والضحیٰ گیارہ بار' آیۃ الکرسی ایک بار سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات ایک بار پڑھیں اس کے بعد بقیہ سورۃ یٰسین پڑھے اور ہر مبین پر یہی عمل کریں۔ جب یہ عمل مکمل کرتے ہوئے سورۃ یٰسین مکمل پڑھ لیں تو اجوائن اور کالی مرچوں پر پھونک مار کر دم کریں اور اس کے بعد اجوائن اور کالی مرچوں کو پیس کر محفوظ کر لیں۔ حاملہ عورت ہر روز اجوائن اور کالی مرچیں پسی ہوئی چٹکی بھر پانی سے نہار منہ کھالیں' اللہ فضل کرے گا اولاد نصیب ہوگی۔

برائے طحال یعنی تلی کا بڑھ جانا

اس مرض سے شفاء یابی کے لئے عامل کو چاہیے کہ ہر نو چندی اتوار کو مریض کو مکمل کسی کپڑے چادر وغیرہ دے کر با پردہ کر کے پشت پر لٹا کر ایک بار درود پاک پڑھ کر سورۂ فاتحہ ایک بار اس کے بعد سات بار سورۂ اخلاص' آخر میں پھر سورۂ فاتحہ ایک بار اور' درود شریف ایک بار پڑھ کے اس کا ثواب حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ خواجہ غوث محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور خواجہ سید احمد کبیرؒ کو ہدیہ کر دیں' اس کے بعد قرص گل پر سورۂ اخلاص تین بار پڑھ کر دم کرے اور پھر چاقو یا چھری لیکر اس کی دھار پر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے تا کہ اسکی تیزی بند ہو جائے اور پھر مریض سے پوچھے کہ تیری تلی کاٹ دوں مریض جواب دے کے کاٹ دے لیکن اس کے بعد مریض کی تلی نہیں بلکہ قرص گل کو کاٹ دے اور' پھر سورۂ فاتحہ تین بار پڑھ کر آلہ مذکور پر دم کرے تا کہ تیزی کھل جائے اس کے بعد بالا مذکور خواجگان حضرات کے وسیلے سے اللہ سے مریض کی شفایابی کے لئے دعا کریں کہ اے ذات بوسیلہ بزرگان دین اس مریض کو شفاء کاملہ عنایت فرما۔اسی طرح تین نو چندی اتوار یہ عمل کریں' ان شاءاللہ بفضل خدا مریض تندرست ہو جائے گا۔نیز یہ تعویذ ہرن کی کھال پر لکھ کر برائے طحال داہنے بازو پر باندھے۔

☆ ۱۱۱ ھے # ۱۱۱ اوھے

دو ٹکڑے گڑ سالم مریض کو چاہیے تقسیم کرکے اس کا ایصال ثواب پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کو ہدیہ کرے۔

شیطانی وجناتی حملوں سے روحانی حفاظت

اگر آپ کو کسی بھی قسم کا انجانا خوف رہتا ہے اور شیطانی چیزوں سے‘ وبائی امراض سے اگر حفاظت چاہتے ہیں تو اس مقصد کے لئے یہ بہت ہی لاجواب نقش ہے‘ اس نقش کو سادہ سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھیں‘ عطر لگا کر‘ چمڑے میں تعویز بنا کر گلے میں ڈال لیں‘ اس کے علاوہ اپنے کمرے میں بھی اسے لٹکا سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ اس تعویز کی برکت سے آپ کی اور آپ کے جان و مال کی انوکھی حفاظت ہوگی۔

۷۸۶

اللہ لا الہ الا ھو	الحی القیوم	لاتاخذہ سنۃ ولا نوم	لہ ما فی السموت	وما فی الارض	من ذاالذی یشفع عندہ	الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم
الحی القیوم	لاتاخذہ سنۃ ولا نوم	لہ ما فی السموت	وما فی الارض	من ذاالذی یشفع عندہ	الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم
لاتاخذہ سنۃ ولا نوم	لہ ما فی السموت	وما فی الارض	من ذاالذی یشفع عندہ	الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ
لہ ما فی السموت	وما فی الارض	من ذاالذی یشفع عندہ	الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الابماشاء وسع کرسیہ
وما فی الارض	من ذاالذی یشفع عندہ	الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الابماشاء وسع کرسیہ	السموت والارض
من ذاالذی یشفع عندہ	الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الابماشاء وسع کرسیہ	السموت والارض	ولا یودہ حفظھما
الاباذنہ	یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الابماشاء وسع کرسیہ	السموت والارض	ولا یودہ حفظھما	وھو
یعلم مابین ایدھم	وما خلفھم	ولا یحیطون بشیء من علمہ	الابماشاء وسع کرسیہ	السموت والارض	ولا یودہ حفظھما	وھو	العلی العظیم

بحق یامذل کل جبار عند بقھر عزیز سلطانہ یامذل یاقھار انت الذی لایطاق انتقالہ یاقھار احفظ واشف وبحق

☆ ۱۱۱ ھے # ۱۱۱ اوھے

بچے کی ڈلیوری میں آسانی کے لئے مجرب اعمال

(رفیق شاہد، کراچی)

سانپ، بچھو کا خوف ہو تو یہ عمل کیجئے

اگر آپ کسی ویرانے یا جنگل وغیرہ میں سے گزر رہے ہو اور وہاں سانپ، بچھو وغیرہ سے خوف ہو تو درج ذیل قرآنی آیات تین بار، اول آخر سات بار درود پاک پڑھ کر دم کر لیجئے، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے سانپ اور بچھو وغیرہ اپنی جگہ سے باہر نہ آئے گے اور آپ کو کسی بھی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ آیات قرآنی یہ ہیں۔

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا، وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا، فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا،

بچے کی پیدائش میں آسانی کے لئے

ڈلیوری کے وقت اگر بچے کی پیدائش میں مشکلات آ رہی ہوں، ڈلیوری میں آسانی کے لئے درج ذیل آیت الکرسی کے نقش کو لکھ کر عورت کی ران پر باندھ دیں، ان شاء اللہ ڈلیوری میں آسانی ہوگی۔ ڈلیوری کے فوراً بعد اس نقش کو اتار دیجئے۔

آیت الکرسی کا نقش

۷۸۶

۳۵۱۰	۳۵۲۳	۳۵۲۰	۳۵۱۷
۳۵۲۱	۳۵۱۶	۳۵۱۱	۳۵۲۲
۳۵۱۵	۳۵۱۸	۳۵۲۵	۳۵۱۲
۳۵۲۴	۳۵۱۳	۳۵۱۴	۳۵۱۹

یہ تعویذ نہیں اوپر والے نقش کی چال ہے

8	11	14	1
13	2	7	12
3	16	9	6
10	5	4	15

اس نقش کے ساتھ چاہیے کہ ذیل میں دی گئی تفصیل کے مطابق آیت الکرسی بھی پڑھیں، یہ عمل صرف ایک بار کر لیں۔ اللہ کی رضا کا تصور کر کے اکتالیس بار اس کے بعد ان ہستیوں آیۃ الکرسی کو ہدیہ کریں رسول پاک ﷺ اکیس بار، خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے واسطے گیارہ بار، خواجہ حسن

بصریؒ گیارہ بار' خواجہ حبیب عجمیؒ گیارہ بار' حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ گیارہ بار' شیخ شہاب الدین سہروردیؒ' خواجہ معین الدین حسن اجمیریؒ' خواجہ بہاؤالدین نقشبندیؒ گیارہ گیارہ بار آیت الکرسی پڑھیں جس کی مکمل تعداد 139 بنتی ہے' اس سے عمل کی تاثیر بہت زیادہ بڑھ جائے گی۔

ڈلیوری کے لئے تیسرا انوکھا نقش

کوری ٹھیکری میں درج ذیل الفاظ لکھ کر حاملہ کے پیٹ پر رکھ دیں' ان شاء اللہ ڈلیوری میں آسانی ہوگی۔

مرا جائے شد   خرمرا جائے شد

زن بچہ خواہد زاد   یا نہ خواہد زاد

☆ ااا ھے # ااا وھے

دوران حمل خطرہ کی صورت میں یہ نقش دیجئے

دوران حمل خون جاری ہوجائے یا بچہ قبل از وقت پیدا ہونے کا خطرہ ہوجائے تو یہ تعویذ حاملہ کو پہننے کے لئے دیں' ان شاء اللہ حفاظت رہے گی اور نقصان نہیں ہوگا مگر جب بچہ پیدا ہوجائے تو یہ نقش فوراً اتارنا ضروری ہے۔

۷۸۶

محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ	لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ	محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ
محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ	محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ	محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ
محمدؐ محمدؐ محمدؐ	محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ محمدؐ	محمدؐ محمدؐ

یہ تعویذ نہیں اوپر والے نقش کی چال ہے

۸	۱	۵
۴	۷	۶
۳	۹	۲

دل کے جملہ امراض کے لیے

دل کے امراض سے شفاء پانے کے لئے ''سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ'' لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور یہی پانی پینے کے لیے سارا

دن مریض کو دیں اس کے علاوہ رات سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ گیارہ بار اللہ کے اسم مبارک یَابَاعِثُ یَانُوْرُ گیارہ بار دل پر ہاتھ رکھ کر پڑھیں ان شاء اللہ کچھ ہی دنوں میں بہتری محسوس کریں گے۔

کھیت اور اناج میں حیرت انگیز برکت

آپ اگر اپنے کھیتوں کو مضر اثرات سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کے فصل میں بہت زیادہ برکت اور وسعت ہو تو اس نقش کو لکھ کر کھیت میں کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں اس کے علاوہ سپرے میں بھی اس نقش کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اس نقش کی برکت سے فصل میں بہت زیادہ برکت وسعت ہوگی اور ہر قسم کے مضر اثرات سے حفاظت ہوگی۔

مکسلمینا ۷۸۶ کشفوطط

محمد ﷺ

موسیٰ یا اللہ عیسیٰ

گائے بھینس کے گابھن کے لیے

گائے یا بھینس گابھن ہو ذیل میں دیئے گئے نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے یا چمڑے کے ذریعے تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیں۔ اس نقش کے پہننے سے گائے یا بھینس کو بچہ جننے میں آسانی ہوگی اگر اس دوران کوئی دشواری آرہی ہو تو وہ بھی ختم ہو جائے گی۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کے اس کے بعد اس نقش کو فوراً اتار دیں۔

قلنا	ینار	کونی	بردا
ینار	کونی	بردا	وسلما
کونی	بردا	وسلما	علےٰ
بردا	وسلما	علےٰ	ابراھیم

اللہ نور السموات والارض

بیماری خنازیر (گلے میں گلٹیاں نکلنا) کا مسنون علاج

بخاری شریف کی حدیث میں موجود ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مریض کے لیے (کلمے کی انگلی زمین پر لگا کر) یہ دعا پڑھتے تھے بِسۡمِ اللّٰهِ تُرۡبَةُ أَرۡضِنَا بِرِيقَةِ بَعۡضِنَا يُشۡفَى سَقِيمُنَا بِإِذۡنِ رَبِّنَا۔ ترجمہ۔ "اللہ کے نام سے ہماری زمین کی مٹی، ہم میں سے کسی کے لعاب دہن سے مل کر (ہمارے رب کے حکم سے) ہمارے مریض کی شفایابی کا ذریعہ ہوگی۔" آج بھی اس دعا کی حیرت انگیز تاثیر موجود ہے۔ اگر کسی کو خنازیر کی بیماری لاحق ہو جائے یعنی گلے میں گلٹیاں نکل آئے تو چاہئے کہ اوّل آخر سات بار درود پاک پھر یہ دعا سات بار پڑھ کر ایک گلٹی پر دم کریں پھیر پر مس کریں یا دم کرتے وقت پھراتے رہیں سات گکرے پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس مرض سے شفاء نصیب ہوگی۔

بچوں میں سوکھا پن کی بیماری کا علاج

ایک بہت ہی بہترین عمل بچے کے سوکھا پن کے علاج کے لئے ہے' کورا پیالہ لیں' اس پر تین بار لاحول ولاقوۃ الا باللہ لکھیں۔ روزانہ بچے کو اسی پیالے میں پانی پینے کے لئے دیں' ان شاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں بچہ تندرست وتوانا ہو جائے گا۔ ہرل کی دھونی اور تعویذ بھی دیں۔ اگر بچہ پیٹ میں ہی کمزور اور خشک ہونا شروع ہو جائے تو اس کے لئے درج ذیل نقش پینے کے لئے دیں۔

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد احاط یا محیططط الھی بحرمت

بے اولادی کے لئے کرشماتی نقش

بے اولادی کے لئے پاکی کے دنوں میں نیچے دیا گیا نقش اسی ترتیب سے اس کے تین نقش علیحدہ علیحدہ لکھ لیں۔ اس کے بعد روزانہ ایک نقش مسلسل تین لاکھی گائے کے دودھ میں ڈال کر میاں بیوی دونوں پی لیں اور جماع کریں' انشاء اللہ اولاد کی نعمت ملے گی۔

۷۸۶

جمع جمع جمع جمع جمع جمع جمع جمع جمع
س س س س س س س س س س س
ں ں ں ں ں ں ں ں ں ں

ریح، بادی گیس اور قبض کا علاج

ریح، بادی گیس اور قبض کے لئے نہایت آزمودہ اور آسان نسخہ ہے، اس نسخہ کو کچھ عرصہ مستقل استعمال کیجئے اور ان مذکورہ امراض سے حیرت انگیز طور پر چھٹکارا پایئے۔ ھوالشافی: جوکھار، ٹھیکری نوشادر، سیاہ مرچ، تمہ (یاد رہے تمہ کے بیج نکلے ہوئے ہوں)۔ تمام اشیاء ہموزن لے کر چھان کوٹ کر کیپسول بھر لیں۔ ترکیب استعمال: صبح و شام دو، دو کیپسول پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نوٹ: بوقت ضرورت کیپسول کی مقدار کم یا زیادہ بھی کی جاسکتی ہے۔ ان شاء اللہ گیس، درد، قبض اور ریح کا شافی علاج ہے۔ عبقری جنتری 2022 کے قارئین اس نسخہ سے ضرور فائدہ اٹھائیں اور تمام امت مسلمہ کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

کاروبار میں خیر و برکت کے لیے

ایسے افراد جو کاروبار میں زوال کا شکار ہوں، بہت جتن کرنے کے بعد بھی ان کو کاروبار میں کامیابی نہ مل رہی ہو تو ان حالات میں مایوس نہ ہوں بلکہ نیچے دیا گیا، نقش کسی سفید کاغذ پر کالی سیاہی کے ساتھ لکھ کر اپنی دکان پر لٹکا دیں، ان شاء اللہ اس کی برکت سے کاروبار میں خوب خیر و برکت ہوگی اور مایوسی ختم ہوجائے گی۔

۷۸٦

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الرحیم	الرحمن	الله	بسم
الرحیم	الله	بسم	الرحمن
الرحمن	بسم	الله	الرحیم

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ.

کیڑے مکوڑے گھر سے بھگانے کے لیے

گھر سے کیڑے مکوڑے بھگانے کے لئے سورۃ نمل کی درج ذیل یہ آیت لکھ کر پانی میں ڈال دیں اور اس پانی کا چھڑکاؤ سارے گھر میں کردیں، اگر سب جگہ پر ممکن نہ ہو تو گھر کے ہر کمرے کے چاروں کونوں میں کردیں، ان شاء اللہ کیڑے مکوڑوں کا خاتمہ ہوجائیگا۔ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ۝

گیس، تبخیر کے مرض سے نجات

منقیٰ بیج نکال کر ہم وزن ہرڑ سیاہ شامل کریں، پہلے ہرڑ باریک کرلیں پھر منقیٰ شامل کریں اس کے بعد اسے اچھی طرح کوٹیں جب پیسٹ بن جائے تو صاف کرلیں، کھانا کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد دو گولی صبح و شام ہمراہ پانی کے دیں اگر بہت ہی زیادہ گیس تبخیر ہو تو دوپہر کو بھی یعنی دن میں تین بار دیں، پانچ سے دس دن تک یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے کے بعد چند دن وقفہ کرنے کے بعد دوبارہ استعمال کروائیں انشاءاللہ گیس، تبخیر سے نجات مل جائے گی۔

جادو ٹونہ سے حفاظت کے لئے

اگر آپ کو کسی بھی قسم کے جادو ٹونے کا خوف ہو کسی شخص کی طرف سے خطرہ ہو کہ وہ آپ پر جادو ٹونہ کے ذریعے کوئی شیطانی وار کر کے آپ کو نقصان پہنچا دے گا تو ایسی صورت میں پریشان نہ ہو۔ اللہ کے نام پر یقین رکھتے ہوئے یقین کی کیفیت کے ساتھ ایک ہزار بار روزانہ یَاحَفِیْظُ پڑھ کر خود پر پھونک مار کر دم کرلیا کریں، ہر قسم کے جادو ٹونے سے اللہ کے اس نام کی برکت سے ہر طرح کے شریروں سے حفاظت رہے گی، کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

آزمودہ عمل کام نہیں کر رہا تو وجہ جانیئے!

آپ کو کوئی ایسا روحانی عمل جو بندھ گیا ہوا اثر نہ کر رہا ہو تو ایسی صورت حال میں بدھ کی رات سے یہ عمل شروع کریں، جمعرات، جمعہ تین دن تک مسلسل عشاء کی نماز کے بعد ایک تسبیح سورہ کوثر پڑھیں اور کسی سے بات کیے بغیر سو جائے ان شاءاللہ خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ کس وجہ سے آپ کا عمل کام نہیں کر رہا۔

حاملہ عورت کا دوران زچگی خون نہ رکنے کا علاج

اگر حاملہ عورت کا خون نہ رک رہا ہو تو قرآنی لفظ کُفُو کی نہایت توجہ دھیان کے ساتھ کم از کم ایک تسبیح یا 313 مرتبہ پانی پر دم کر کے پینے کے لئے دیں یا پھر مریض کو دم کر دیں۔ ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔

نیا سوٹ پہنیں آفات ٹلوائیں برکت پائیں

جب بھی نئے کپڑے پہنیں کورا برتن میں پانی ڈالیں اور 32 بار سورۃ قدر پڑھیں اور ایک بار کلمہ طیبہ پڑھ کر دم کر کے اس پانی کو نئے سوٹ پر چھڑک دیں اس عمل کے بعد جب وہ سوٹ پہنیں گے تو اللہ پاک آفات ٹال دیں گے رزق میں بہت زیادہ برکت عطا فرمائے گے۔ یہ بہت سے صالحین بزرگوں کا عمل ہے جس کی تاثیر بہت زیادہ ہے۔

اسقاط حمل کا علاج

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور بہت علاج معالجے کروانے کے باوجود بھی مسئلہ حل نہ ہو رہا ہو تو اس کے لئے ذیل میں لکھا گیا نقش لکھ کر جب عورت حاملہ ہو تو اس کے پیٹ پر باندھیں اور روزانہ ایک تسبیح یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا وَکِیْلُ یَا سَلَامُ اول آخر سات بار درود پاک کے ساتھ پڑھ لیں ان شاء اللہ مسئلہ بھی حل ہوگا اور اس کے علاوہ جان و مال کی انوکھی حفاظت ہوگی۔ جب ڈلیوری ہو جائے تو اس کے فوراً بعد اس نقش کو ضرور اتار دیں۔

۷۸۶

۱۷۷۱	۱۷۷۴	۱۷۷۷	۱۷۶۴
۱۷۷۶	۱۷۶۵	۱۷۷۰	۱۷۷۵
۱۷۶۶	۱۷۷۹	۱۷۷۲	۱۷۶۹
۱۷۷۳	۱۷۶۸	۱۷۶۷	۱۷۷۸

اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ہ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ہ
خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ہ یَّخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَ التَّرَآئِبِ ہ
فاللہ خیر حفظا وھو ارحم الرحمین

یرقان کا بہترین روحانی علاج

یرقان کے مرض کے لئے سورۃ اخلاص لکھ کر اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ چند دن یا چند ہفتوں میں اس مرض سے شفاء ملے گی اور اس کے علاوہ ''سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ'' کالی سیاہی سے سادہ کاغذ پر لکھ کر کسی پانی والی بوتل میں ڈال کر مریض کو یہی پانی پینے کے لئے دیں اور روزانہ ایک تسبیح یا اللہ شافی یا اللہ کافی صبح و شام پڑھیں۔ سورۃ اخلاص کا عددی نقش درج ذیل ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۴	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۴۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

جنات کو بھگا دینے والا کرشماتی عمل

آپ اگر شیطانی جناتی اثرات سے پریشان ہیں اور اس سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے نہایت آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔سورۃ طارق کی یہ آیات اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا پانچ یا سات بار پڑھ کر پھونک ماردیں،ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے جنات بھاگنے پر مجبور ہوجائے گے،کچھ عرصہ یہ عمل کریں،اس کے علاوہ اگر کبھی سانپ نظر آئے تو یہی آیات اسی تعداد میں پڑھ کر سانپ پر پھونک دیں،سانپ اپنی جگہ پر ہی رک جائے گا،کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

سانپ یا بچھو کاٹے کا علاج

سانپ،بچھو یا کوئی زہریلا جانور کاٹ جائے تو قرآن پاک کی یہ آیت سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ گیارہ بار سانس روک کر پڑھ کر زخم کے اوپر دھتکارتے جائیں،کچھ دیر یہی عمل مسلسل کرتے جائے،ان شاء اللہ اس عمل کے کرنے سے زہر نکلنا شروع ہوجائے گا اور اس کا اثر بھی ختم ہوجائے گا۔

2022 میں آپ کا بیٹا ہوگا (ان شاء اللہ)

نرینہ اولاد اللہ تعالیٰ کی ایک ایسی نعمت ہے جس کی ہر شخص کو خواہش ہوتی ہے۔اس نعمت کو پانے کے لئے ذیل میں دیئے گئے نقش سات،گیارہ یا اکیس بار لکھیں اور اچھی سی عطر لگالیں،بعدازاں اس ایک تعویذ کی بتی بنا کر جلادیں اور حاملہ عورت اس کی دھونی لیں،روزانہ اس تعویز کی دھونی لیں اور اس کے علاوہ روزانہ ڈلیوری تک اس دعا رَبِّ هَبْ لِىْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ کی ایک تسبیح صبح و شام تین بار اول آخر درود پاک کے ساتھ پڑھیں،ان شاء اللہ نیک اور صالح بیٹا پیدا ہوگا۔اس کے علاوہ حمل کی حفاظت کے لئے بھی نقش کی تاثیر لاجواب ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۱۸	۱۶۵۲۱	۱۶۵۲۵	۱۶۵۱۱
۱۶۵۲۴	۱۶۵۱۲	۱۶۵۱۷	۱۶۵۲۲
۱۶۵۱۳	۱۶۵۲۷	۱۶۵۱۹	۱۶۵۱۶
۱۶۵۲۰	۱۶۵۱۵	۱۶۵۱۴	۱۶۵۲۶

کمر درد کے لیے

آج کے دور میں کمر درد ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا اکثر عوام شکار رہتی ہے۔خواتین میں یہ مسئلہ بہت زیادہ عام ہوچکا ہے جس وجہ سے ان کو اپنے گھریلو روزمرہ کے کاموں میں دشواری پیش آتی ہے۔اس کے لئے نہایت آسان عمل ہے جس سے کمر درد کے علاوہ جسم کے باقی دردوں میں بھی بہت افاقہ ہوتا ہے۔عمل یہ ہے: نیلہ دھاگہ لیں،اول آخر گیارہ بار درود پاک،اس کے بعد ایک بار درود پاک پڑھ کے سورۃ فاتحہ ایک

بار پڑھیں اور دھاگے کو ایک گھانٹھ دے دیں‘ اسی طرح پانچ بار یہی عمل کریں اور ہر بار ایک گانٹھ لگاتے جائے‘ جب پانچ بار سورۃ فاتحہ اسی ترتیب سے پڑھ کر پانچ گانٹھ لگا دیں تو آخر میں گیارہ بار درود پاک پڑھ کر اس دھاگے کو بازو کے اوپر والے حصے میں پہن لیں جہاں نظر نہ آئے۔ان شاء اللہ اس عمل سے کمر درد اور مختلف جسم کے دردوں سے نجات حاصل ہوگی۔

دمہ کے لیے دیسی نسخہ

شہد کی چھوٹی مکھی کا موم پچاس گرام‘ گڑ پرانا پچاس گرام‘ لونگ پچیس گرام‘ ہینگ اصلی پچیس گرام۔ان سب اجزاء کو الگ الگ کر کے کوٹ لیں‘ اس کے بعد ان سب اجزاء کو مکس کر کے شہد کے ساتھ اتنا کوٹیں کہ سب چیزیں یکجان ہو جائے‘ اس کے بعد چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں اور انہیں ایک ہفتہ سایہ دار جگہ میں رکھ کر خشک کر لیں۔اس کے بعد جب خشک ہو جائے تو دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ پانی کے دیں‘ چھوٹے بچوں کو آدھی یا ایک گولی دیں۔ چاول‘ تلی ہوئی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔اس نسخہ کے کچھ عرصہ استعمال سے افاقہ ہوگا اور جلد ہی اس مرض سے ان شاء اللہ شفاء نصیب ہوگی اور دوبارہ دمہ کے مرض سے حفاظت بھی رہے گی۔

ایسا مرض جو سمجھ میں نہ آئے

اگر کسی ایسے مرض کا شکار ہو جائے جو کسی کی سمجھ میں نہ آ رہا ہو اور دن بہ دن اندر ہی اندر بیماری بڑھ رہی ہو۔جس کی وجہ سے جسم بے جان محسوس ہو اور بیماری ختم ہونے کا نام نہ لے رہی ہو تو فجر کی نماز کی پہلی دو سنتیں ادا کرنے کے بعد فرض پڑھنے سے پہلے سورہ فاتحہ مع تسمیہ 41 بار اس ترتیب سے پڑھیں‘ بسم اللہ الرحمن الرحیم کی آخر والی میم کو سورۃ فاتحہ کے الحمدللہ کے ل کے ساتھ ملا کر پڑھیں۔اکتالیس دن تک مسلسل یہ عمل کر لیں‘ ان شاء اللہ اس بابرکت عمل سے ہر قسم کی بیماریوں سے شفاء نصیب ہوگی۔

گائے‘ بھینس کی ڈیلوری میں آسانی

گائے یا بھینس جب گھابن ہو اور کسی مرض یا تکلیف میں مبتلا ہو جائے تو سات دانہ گندم کے لیں اور سانس روک کر ہر دانے پر ایک بار سورۃ الم نشرح پڑھ کر دم کر دیں اور پھر چکی میں پیس لیں‘ اس کے بعد اسے چارے میں ڈال کر کھلا دیں‘ ایسا کرنے سے ان شاء اللہ بھینس اور گائے کو گھابن میں آسانی ہوگی‘ تکلیف سے نجات ملے گی۔

******

میرے خاص آزمودہ طبی وروحانی تجربات۔۔عبقری جنتری 2022 کے نام

(شبیر حسین، مظفرآباد، آزادکشمیر)

بے خوابی کا علاج

اگر کوئی شخص نیند کی کمی کا شکار ہو یا نیند نہ آتی ہو تو اسے چاہیے کے عشاء کی نماز کے بعد ایک گلاس میں پانی لیں اور ایک تسبیح درود ابراہیمی پڑھ کے دم کر دیں اور پانی پی لیں' چند دن میں ان شاء اللہ اس نورانی درود کی برکت سے بے خوابی کا خاتمہ ہو جائے گا' اس کے علاوہ نیند بھی پرسکون آئے گی۔

پیشاب میں خون (سوزاک) کا علاج

پیشاب میں خون آنے کی صورت میں ایک نہایت لاجواب دیسی ٹوٹکہ پیش ہے جس کے استعمال سے بفضل ربی تعالیٰ شفاء ہوگی۔اس نسخہ کو مستقل کچھ عرصہ استعمال کیجئے۔گل سرخ 24 گرام گل بنفشہ 12 گرام زیرہ سفید 12 گرام کوزہ مصری بقدر ضرورت تمام ادویات کو ایک لٹر پانی میں بھگو دیں' صبح مل چھان کر کوزہ مصری بقدر ضرورت ڈال کر محفوظ کر لیں۔ایک چھوٹا کپ صبح دو پہر شام پی لیں۔پیشاب کے راستے خون آنے کی صورت میں اس مرض سے نجات کے لئے بہت ہی لاجواب نسخہ ہے۔ان شاء اللہ چند دنوں میں شفاء ملے گی۔اس بات کا خیال رکھیں کہ گوشت، گرم مصالحہ جات سرخ مرچ' تلی ہوئی چیزوں سے مکمل پرہیز ہو۔

موہکے ختم کرنے کا روحانی علاج

موہکے ختم کرنے کا نہایت آزمودہ عمل ہے جس سے موہکے چند دن میں مکمل ختم ہو جائے گے۔سورۃ مزمل کی روزانہ ایک بار کسی بھی نماز کے بعد تلاوت کیجئے۔اس کے علاوہ ایک دھاگہ لیں، بسم اللہ پڑھ کر سے کو کس کے باندھ دیں اور دو تین گرہ لگا دیں۔موہکہ کیونکہ چھوٹا ہوتا ہے اس لیے دھاگے کو پہلے سے گرہ دیں، مگر پورا نہ کسیں، چھوٹا سا دائرہ رکھیں اس دائرے کو موہکے پر رکھ کر پھر گرہ کو کس دیں، دو تین گرہ لگا دیں باقی دھاگہ کاٹ دیں۔جتنا کس کے باندھیں گے اتنا جلد ٹھیک ہوگا ایک دو دن میں موہکہ سوکھ کر خود ہی جھڑ جائے گا۔اصل میں اس کی جڑیں ہوتی ہیں' جب ہم دھاگہ باندھ دیتے ہیں تو اس میں خون کی گردش رک جاتی ہے اور یہ سوکھ کر جھڑ جاتا ہے۔

پرانی اور سخت بندش ختم

سخت سے سخت بندش ختم کرنے لئے چاہے وہ کتنی ہی پرانی ہو' 101 بار صبح و شام سورہ نصر جو کہ پارہ نمبر تیس میں موجود ہے پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کو کھانا بنانے اور پینے میں استعمال کریں' اس کے علاوہ اسی پانی کو گھر اور دوکان کے چاروں کونوں میں چھڑکائیں۔ان شاء اللہ اس قرآنی سورہ کی برکت سے تمام بندشیں ختم ہوں گی اور فتوحات کا انوکھا نظام کھلے گا۔

جانور کی خشک کھال کا پانچ دن میں علاج

بیری کے پتے آدھا سیر، ایک چھٹانک نمک ڈال کر رات کو باہر صحن میں رکھیں۔ صبح یہ جانور کو کھلا دیں اس کے علاوہ پانچ دن نیم گرم پانی سے جانور کی کھال کو مالش کریں' ان شاءاللہ اس سے شفاء ہوگی اور جانور کی صحت میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

تبادلہ کے لیے

آپ کا تبادلہ اگر کسی ایسی ناہموار جگہ پر ہوگیا ہے جہاں آپ کا نوکری کرنا مشکل ترین ہوگیا ہے یا پھر آپ اپنا تبادلہ اپنی مرضی کی جگہ پر چاہتے ہیں تو اس کے لیے چاہیے کہ صبح وشام ۱۰۰۱ بار یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر جو درخواست ٹرانسفر کی دینی ہو اس پر دم کردے اس کے علاوہ درخواست جب دے چکا ہو یا اپنی تبادلے کی بات کر چکا ہو تو اس دوران بھی یالطیف یاودود کو پڑھتا رہے ان شاءاللہ جلد مراد حاصل ہوگی۔

2022 میں کامل مرشد پالیجئے

آج کے اس پرفتنہ دور میں جہاں قدم قدم پر ایمان کو لوٹنے والے' دین سے دور کرنے والے لٹیرے موجود ہیں جن کے ساتھ منسلک ہوکر اپنی دنیا وآخرت برباد ہوجانے کا خدشہ ہو اور آپ چاہتے ہیں کہ کوئی ایسا اللہ کا کامل ولی مل جائے جو آپ کی دنیا وآخرت سنوار دے' آپ کو اللہ کے قریب کردے مگر ابھی تک آپ ایسے اللہ کے ولی کی نسبت سے محروم ہے تو اس کے لئے ایک روحانی عمل عبقری جنتری 2022 کے قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں' ان شاءاللہ آپ کی یہ مراد پوری ہوجائے گی۔ عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے اول آخر ۱۱ باردرود پاک اور ایک تسبیح سورۃ کوثر کی پڑھ لیں' کسی سے بات کئے بغیر سوجائیں۔ پنجگانہ نماز کی پابندی کریں اور صبح وشام ایک تسبیح توجہ دھیان کے ساتھ استغفار کی کریں' اللہ سے مانگیں' بہت جلد اللہ کے کامل ولی سے نسبت ہوجائے گی۔ ان شاءاللہ

تنگی رزق دور کرنے کے لئے

آپ اگر زرائع آمدن وسیع ہونے کے باوجود مشکل سے گزر بسر کررہے ہو یعنی رزق میں بے برکتی ہو' مال اور پیسہ آتا ہو مگر اس سے بھی بنیادی ضروریات پوری نہ ہوں۔ اس کے لئے ایک بہت ہی لاجواب عمل ہے' ان شاءاللہ اس عمل کی برکت سے آپ کے رزق میں تنگی کی شکایت ختم ہوجائے گی' اللہ پاک غیب سے رزق میں برکت عطا فرمائے گے۔ ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح ''وَاللّٰہُ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ'' اول آخر درود پاک کے ساتھ پڑھ لیں' ان شاءاللہ تمام مالی معاملات ٹھیک ہوجائے گے۔

ظالم کے ظلم سے نجات پائیں

آپ کا سامنا کسی ایسے ظالم شخص سے ہو جس سے آپ کو اپنی جان و مال کا خطرہ لاحق ہو تو اکیس بار سانس روک اللہ کا مبارک نام یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دم کرلیں' ان شاءاللہ اس عمل سے آپ کی روحانی حفاظت ہوگی اور نقصان سے بچ جائے گے۔

زچگی میں رکاوٹ

وقت مکمل ہونے کے باوجود بچہ نہ ہو رہا ہو اور زچگی میں مشکلات پیش آ رہی ہوں تو اس کے لئے میاں بیوی دونوں کو چاہیے کہ روزانہ ایک تسبیح سورہ قریش کی پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہی پانی حاملہ عورت دن رات پئیں اس کے علاوہ کثرت کے ساتھ سورہ انشقاق کی ان آیات کا ورد کریں۔ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ ○ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ۔

ناجائز مقدمے سے خلاصی

اگر آپ کسی ناجائز مقدمے میں پھنس چکے ہیں اور تمام وسائل بروئے کار لانے کے باوجود بھی نکل نہیں پا رہے اور عاجز آ چکے ہیں تو چاہیے کہ سوا لاکھ بار سورۃ اخلاص پڑھنے کا اہتمام کر کے اللہ سے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا کریں' گھر کے کچھ مخلص افراد کو بھی اس عمل میں شامل کر سکتے ہیں' مقدمے کے فیصلے تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ صدقہ کا بھی اہتمام کریں۔ ان شاء اللہ جلد ہی اس عمل کے مثبت نتائج آپ پر کھلنا شروع جائے۔

درد گردہ کے لئے

اگر گردوں میں تکلیف ہو اور کسی بھی طرح آرام نہ آ رہا ہو تو ذیل میں دیا گیا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں اس کے گردے کے قریب باندھیں اس کے علاوہ یہی گیارہ تعویذ روزانہ ایک ایک کر کے پانی میں ملا کر پینے کے لئے دیں۔ گردوں کے درد سے نجات ملے گی۔ اس کے علاوہ گردوں میں پتھری کی صورت میں استعمال کرنے سے پتھری پیشاب کے ذریعے ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جائے گی۔

ہر قسم کے بخار کے لیے

ذیل میں دیا گیا نقش' ایسے چار عدد نقش اکھٹے تیار کریں' ایک نقش مریض کے ایک بازو پر باندھ دے اور باقی تین نقش جورہ جائے' روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر مریض کو پلا دے' ان شاء اللہ جتنا بھی پرانا اور سخت بخار ہو شفا ہوگی' بعض اوقات بخار پہلے کی نسبت بھی تیز ہو جاتا

ہے' لیکن ایسی صورت میں گھبرانا نہیں چاہیئے بلکہ عمل کو جاری رکھے اس کے بعد ان شاء اللہ بخار میں کمی ہوگی اور شفاء ہوگی۔ نقش باندھنے سے پہلے گیارہ روپے صدقہ ضرور کیجئے۔

عـــــطططططططــــــہ

2022ء میں آپ کنوارے نہیں رہیں گے۔ ان شاء اللہ

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ ہو رہا ہو' لڑکے والے لڑکی کو دیکھ کر چلے جاتے ہوں' رشتہ کی بات شروع ہوتے ساتھ ہی رکاوٹ آجائے اور انکار ہو جائے تو اس کے لئے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ اگر یقین اور توجہ کے ساتھ یہ عمل کیا جائے تو انشاء اللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ بدھ کو نماز عشاء کے بعد گیارہ ہزار بار روزانہ اسم الٰہی یَا مُعْطِیُ کا ورد کریں' اول و آخر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ گیارہ دن تک مسلسل یہ عمل کیجئے' دوران عمل کھانا' پینا' بولنا نہیں چاہیے ورنہ عمل کی تاثیر نہ ملے گی۔ روزانہ لباس' جگہ اور جائے نماز بھی ایک ہو۔ انشاء اللہ نکاح کے پیغام کے ساتھ شادی کے اخراجات کا بھی بندوبست ہو جائیگا۔ یہ عمل میں نے جس کو بھی بتایا اور جس نے یقین سے کیا تو اس کا کام بن گیا۔

فالج کے مرض سے نجات پائیں

فالج کے مرض سے نجات کے لئے نیچے دیا گیا نقش لکھ بازو یا ٹانگ پر باندھیں' اس کے علاوہ جو جگہ فالج سے متاثرہ ہو وہاں انگلی کے اشارے سے سات بار کہف لکھیں' سورۃ تغابن کی تلاوت بلند آواز مین کریں اور اس کے علاوہ ہرمل کی دھونی مریض کو چاروں طرف سے دیں' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ عمل کیجئے۔ ان شاء اللہ فالج کے مرض سے نجات ملے گی۔

۷۸٦

۲۵۰	۲۵۳	۲۵٦	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴٦	۲۵۷

اب گھریلو جھگڑے ختم

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض گھرانوں میں چھوٹی چھوٹی باتوں پر لڑائی جھگڑے شروع ہوتے ہیں جو بہت زیادہ شدت اختیار کر جاتے ہیں اور اسی وجہ سے بہت سے گھرانے ٹوٹ اور بکھر جاتے ہیں یا پھر ایک بار کا جھگڑا زندگی بھر کے لئے قطع تعلق کا ذریعہ بن جاتا ہے' انسان

ایسے حالات میں خود کو بے بس پاتا ہے۔ ان تمام مسائل کے حل کے لئے ذیل میں دیا گیا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گھر میں ایسی جگہ پر لٹکا دے جہاں ہر آنے جانے والے کی نظر پڑے' اس کے علاوہ نہایت توجہ دھیان کے ساتھ ایک تسبیح سورہ اخلاص کی پڑھ کر سیدہ کائنات حضرت فاطمہؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کریں' اس عمل کی برکت سے نفرتیں ختم' ٹوٹتے ہوئے گھر جڑ جائے گے اور دلوں میں وسعت پیدا ہوگی۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

جانوروں کے جملہ امراض کا علاج

اگر کسی بیماری کی وجہ سے آپ کے جانور مر جاتے ہوں یا پھر جانور کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہوں تو نیچے دیے گئے نقش کو زعفران سے لکھ کر جانور کے گلے میں ڈال دیں' اس کے علاوہ جانور کے دونوں کانوں میں صحتیابی تک وقفہ وقفہ سے اذان پڑھیں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۴	۱۹۷	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

سر چکراتا ہو تو یہ کام کر لیجئے

اگر آپ کے سر میں درد ہو اور اس وجہ سے سر بھی چکراتا ہو تو اس کے لئے چاہیے کہ حسب ضرورت گڑ لیں اور اسے کھلے برتن میں رکھ دیں' سات بار سورۃ فاتحہ اول آخر گیارہ بار درود پڑھ کر گڑ پر دم کر دیں' صبح نہار منہ تھوڑی سی مقدار میں یہ گڑ استعمال کریں اور جب تک شدید بھوک نہ لگ جائے ناشتہ نہ کریں' ان شاء اللہ کچھ دن یہ عمل کرنے سے سر درد اور اس وجہ سے جو سر چکرانا شروع کر دیتا ہے' شفاء ملے گی۔

پیٹ درد سے یقینی نجات

آپ اگر سخت پیٹ درد میں مبتلا ہے اور کسی بھی طرح تکلیف میں کمی نہیں ہو رہی تو اس کے لئے چاہیے کہ اول آخر تین بار درود پاک پڑھ

کے پیٹ پر دم کر لیں' ان شاء اللہ پیٹ کے درد سے نجات ملے گی' یہ بہت آزمودہ عمل ہے۔

ڈیپریشن کا روحانی علاج

ڈپریشن کے مریض کو سب سے پہلے چاہیے کہ دوسرے افراد کی رائے کا احترام کرے' زندگی میں عفو درگزر سے کام لیں' کینہ' بغض اور شک جیسی بیماریوں سے خود کو باہر نکالیں۔ ڈپریشن کی بیماری سے نجات کے لئے بہت ہی زبردست عمل ہے۔ اول آخر تین بار درود ابراہیمی اور ایک تسبیح صبح وشام یَاقَدِیۡرُ یَاوَھَّابُ یَاوَدُوۡدُ کی متواتر اکیس دن تک پڑھیں' ان شاء اللہ ڈپریشن کے مرض سے نجات ملے گی۔

پیلیے یرقان کا شرطیہ علاج

یرقان یا پیلیا کا مرض جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے' اس مرض کے لئے جو نقش پیش کیا جا رہا بہت ہی آزمودہ اور بہت لوگوں نے اس سے شفاء پائی ہے۔ مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں بہت فائدہ ہوگا۔

ك	ش	ر	س
ت	ل	ع	ق
ت	ف	م	خ
ض	د	ص	ن

ایک اور عمل جو یرقان سے نجات کے لئے مجرب ہے۔ بسکھپرا ایک خورد گھاس ہوتی ہے' زمین کھود کر اس کی جڑیں نکال لی جائیں' پانی سے دھو کر انگلی کے ایک پور کے برابر کاٹ کر رکھ لیں' اس کے بعد مریض کے قد کے برابر کچے سوت کے اکیس یا اکتیس ناپ لے کر چار تہیں کر لیں' بسکھپرے کی ایک جڑ گرہ میں لپیٹ کر ایک بار اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ پڑھ کر پھونک ماریں اور ایک گرہ لگا دیں' اسی طرح اکیس جڑوں میں گرہ لگائیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں' جیسے جیسے مرض ختم ہوگا یہ گرہ کا سائز بڑا ہوتا جائے گا۔ یرقان ختم ہونے تک یہ گرہ پشت کی جانب سے نکال دیں اور بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

السر یا معدے کا زخم

دور حاضر میں غذاؤں میں ملاوٹ کی وجہ یہ سے یہ مرض عام ہوگیا ہے' علاج کے ساتھ ضروری ہے کے سرخ مرچ' گرم مصالحہ' تلی ہوئی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز کیساتھ یہ نقش روزانہ صبح' شام اور پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پینے سے السر اور معدہ میں زخم کی شکایت ختم ہوجاتی ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۷	۳۲	۲۱	۱	۱۶	۱۴	۵
۳۲	۱۸	۳۲	۲۶	۲	۶	۸
۲۲	۳۲	۱۹	۲۹	۷	۳	۱۰
۲۵	۲۷	۳۰	۲۰	۹	۱۵	۴
۲۸	۳۱	۳۴	۳۵	۱۱	۱۶	۱۳

بلڈ پریشر کنٹرول کرنے کے لئے

ہائی بلڈ پریشر ایک ایسا خطرناک مرض ہے جس کا ہر دوسرے گھر میں کوئی نہ کوئی اس کا شکار نظر آتا ہے' اس مرض میں مبتلا شخص مستقل ادویات کھا کھا کر مزید بہت سی بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے جس سے زندگی اجیرن ہو جاتی ہے' دل کے امراض' جسم بے جان ہو جانا ایسے اور بہت سے مسائل اس بلڈ پریشر کی بیماری کی وجہ سے ہوتے ہیں۔اس مرض سے سے نجات کے لئے سورہ حشر کی درج ذیل آیات 21 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اسی پانی کو سالن اور پینے میں استعمال کریں' ان شاء اللہ اس مرض سے نجات ملے گی۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ- عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ - هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ. هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ- اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ- سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ، هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى- یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ- وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ۔

اچھے رشتہ کی تلاش ہے تو یہ عمل کیجئے

آپ اگر ابھی تک اچھے کی تلاش میں ابھی در بدر پھر رہے ہیں اور نکاح کی سنت سے ابھی تک محروم ہے تو "رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا" (سورۃ الفرقان۔۷۴) کی آیت کی پانچ تسبیح عشاء کی نماز کے بعد جب تک مراد حاصل نہ ہو جائے پڑھتے رہیں' ان شاء اللہ نیک اور اچھا رشتہ مل جائے گا۔

پتے میں پتھری کا علاج

ایک کلو لیموں لے لیں اور ان کا پانی نکال لیں۔آپ چھ یا سات کوڈیاں پنسار سے لیکر اس میں ڈال دیں۔اس پانی کو جس بوتل میں ڈالیں اس کو دو تین گھنٹے ہلاتے رہیں تا کہ وہ کوڈیاں (سیپیاں) پانی میں حل ہو جائیں۔اس کام کو مکمل ہوتے دو یا تین دن لگیں گے۔یہ بات یاد رکھیں کہ ڈھکن کو کھلا رکھنا ہے تا کہ گیس کا اخراج ہو سکے جب کوڈیاں قریباً حل ہو جائیں تو اس پانی کو اچھی طرح چھان لیں اب آپ جتنا پانی

آسانی سے پی سکتے ہیں اتنا لیموں کا پانی اور اتنا ہی سادہ پانی یعنی دونوں کو ملا کر پی لیں۔ آپ دیکھیں گے کہ جب پانی ختم ہوگا ساتھ ہی انشاءاللہ پتھری بھی ختم ہوجائے گی۔ آپ کو پتا بھی نہیں چلے گا کہ پتھری کیسے نکل گئی لیکن یہ اس بات کا خیال رکھیں اگر لیموؤں سے پانی تھوڑا نکلے تو کوڈیاں بھی تھوڑی کردیتی ہیں۔ اس پانی کو صبح وشام دو وقت اور ضرورت پڑنے پر تین وقت بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

جادو جنات کا خوف ختم کرنے کے لئے

آپ اگر جادو جنات کے خوف میں مبتلا ہوں اور جادو کا شبہ ہو یا پھر بچے گھر میں اچانک ڈر جاتے ہوں تو ایسے حالات میں چاہئے کہ گھر کے صحن میں کھڑے ہو ہلکی اونچی آواز میں اول آخر سات بار درود پاک' پانچ بار سورۃ مزمل پڑھ کر گھر کے چاروں کونوں میں پھونک مار کر دم کردیں' ان شاءاللہ اس عمل کی برکت سے آپ کا یہ خوف بھی ختم ہوجائے گا اور جادو جنات سے حفاظت بھی رہے گی۔ اگر پہلے سے گھر میں شیطانی جنات موجود ہوں تو اول آخر درود پاک اور گیارہ بار سورۃ مزمل پڑھیں۔ اس کے علاوہ گھر میں دو بار روزانہ ہرمل کی دھونی دیں۔

بیٹے کے خواہشمند متوجہ ہوں

